اور اس آیت شریفہ کا حاصل یہ ہے کہ ہم نے تم کو امت وسط اس لئے بنایا ہے کہ روز قیامت امتیہ پر جب کہ وہ اپنے رسل کی تبلیغ کا انکار کریں گی ان کے رسل کی تبلیغ کی شہادت دو اور رسول تمہارے اعمال کی تزکیہ کر دے اور تمہارے صدق فی الشہادت پر شہادت دیوے تو اس میں حسب قاعدہ اصولی مسلمہ سامع یا مخاطب ان لوگوں کو ہے جو ہنگام نزول آیت موجود تھے یا خیار امت کو یا تمام امت کو بہر کیف اگر یہ شہادت اول مستلزم عصمت ہے تو ہر فرد امت معصوم ہوں گے کیونکہ اس شہادت میں سب شامل ہیں اور شہادت رسول میں حق تعالیٰ نے شاید کسی کو امت میں سے مستثنیٰ نہیں فرمایا اور نیز رسول کی شہادت فی الشہادت کی تمنا کیا کرے جو کسی دوسرے کے شریک کرنے کی ضرورت واقع ہو اور نیز مستلزم اس کو ہے کہ جو شخص خارج امت میں سے شریک شہادت رسول ہو گا اس کی شہادت اپنے صدق دعویٰ پر ہوں دھر ہر ہی بلند اور زیادہ ہے کہ جب یہ شہادت جناب امیر کے رتبے ثابت نہ ہوئی تو عصمت بھی ثابت نہ ہوئی

امر ثانی کی وجہ یہ ہے کہ جملہ

وان لا معنی للنبوۃ والرسالۃ الا ان	نبوت اور رسالت کے سوائے اس کے اور کچھ معنی
یشھد علی اللہ تعالیٰ انہ شرع ھذا	نہیں ہیں کہ خدا پر گواہی دے کہ اس نے یہ اور وہ حکم
الحکم او ذاک۔	مشروع فرمایا ہے۔

کے یہ معنی ہیں کہ رسول جو توسط کسی بشر کے بلکہ بتوسط وحی الٰہی کے یہ شہادت دیتا ہے کہ یہ احکام خداوند تعالیٰ نے مشروع فرمائے اور یہ شہادت قطعاً امام کو میسر نہیں کیونکہ بشہادت شہید ثالث تو متحرک ثابت ہو چکا کہ نزول وحی خاص رسول ہے امام اگر شہادت دیتا ہے تو رسول پر شہادت دیتا ہے اور بواسطہ رسول کے کہتا ہے کہ حق تعالیٰ نے بواسطہ اپنے رسول کے امت کے لئے فلاں حکم مشروع فرمائے اور یہ اور کچھ خلف امام کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ ہر ایک علماء و فقہاء و مجتہدین قضات و نواب و وزات وغیرہ سب کے سب اپنے اپنے درجہ کے موافق اس امر کی شہادت دیتے ہیں کہ خدا تعالیٰ نے بواسطہ اپنے رسول کے یہ احکام امت کے لئے مشروع فرمائے تو یہ شہادت بھی کسی طرح مستلزم عصمت کو نہیں اور نہ یہ سب فرقہ معصوم ہوں پس اس تقریر سے صاف واضح ہے کہ ہمارے حبیب نے جو عبارت ارشاد فرمائی ہے اس سے استدلال کیا ہے وہ محض غلط اور تلفیق ہے اور اگر بفرض سے بھی ہو تو ازانجا کہ اس کی عبارت سے مثل روز روشن ظاہر ہے اور اس سے سمجھا جا سکتا ہے کہ خلیفہ کا قول بالاستقلال بتوسط تنسیہ رسول ہمارے میں حجت نہیں وہ فرماتے ہیں دلیل اس معنی کی خلیفہ فی خطبہ اظہار برتنسیہ آنحضرت و حسب اطاعت باشد اس عبارت سے جو مطلب بندہ احقر ظاہر ہے وہ اردو فارسی خوان بھی سمجھ سکتا ہے لیکن معذور نہیں ہمارے حضرت حبیب نے باوجود اس ہمہ دانی کیوں کر اس کو اپنا مستدل قرار دیا اہل انصاف ملاحظہ فرمائیں اور اگر اور بھی کچھ ذکر کریں تو حضرت کی خوش بختی کی تو ضرور ہی داد دیں باقی رہا یہ حمل کہ جناب امیر کا شاہد ہونا احادیث اہل سنت سے ثابت ہے یہ بحث عاشقانہ برتسلیم آنحضرت کا مصداق ہے اگر واقعی ثابت ہے تو بیشک ہم بھی تو آپ کا پایہ علم دیکھیں علاوہ ان کے احادیث احاد کو اگر بالفرض صحیح بھی تسلیم کریں تو آپ حضرت ہی فرمائے ہیں کہ اعتقادات میں احادیث احاد کو کچھ دخل نہیں علی الخصوص جب کہ نص کے معارض واقع ہو معذور رکھے جناب امیر کی شہادت کا سب انکار کیا ہے لیکن یہ شہادت مستلزم عصمت نہیں ہوتا اگر یہ مستلزم عصمت ہوتی تو ہزار ہا ہمارا امت معصوم ہوں گے۔ اور امام امت سے کم درجہ ہونے کی

پہلی دلیل کے جواب میں اس کی بحث گذر چکی ہے ہم بخوف تطویل اس کا اعادہ نہیں کرتے ثانیاً غرض محال اگر جناب امیر کا رسول کی شہادت میں شریک ہونا ثابت ہو بھی تو ہم آپ کا مدعا ثابت نہیں ہو سکتا کیونکہ آپ صرف عصمت جناب امیر ہی کے تو قائل نہیں ہیں بلکہ آپ کے نزدیک ائمہ اثنا عشر باقی بھی معصوم ہیں ان کی شہادت بھی ثابت کیجئے ورنہ ان کی عصمت سے دست بردار ہو جیئے ثالثاً یہ دلیل قابل استدلال مدعا نہیں ہے کیونکہ مدعا اثبات عصمت کا ہے معصیت صغیرہ و کبیرہ سے سہواً ہو خواہ عمداً، اور وہ اس سے ثابت نہیں ہوتا جو اس کی یہ ہے کہ اس دلیل کا مدار و مفہوم تو صدور معصیت کے عدم ثبوت شہادت پر ہے اور ظاہر ہے کہ یہ امر معصیت کے ساتھ مخصوص ہے جس کا صدور مستلزم رد و شہادت ہو پس جو معاصی ایسے ہیں جن کا صدور مستلزم رد شہادت کو نہیں مثلاً سہو، کوئی صغیرہ گناہ وغیرہ۔ ہو چاہیئے کہ وہ مانع نہ ہو تا کہ اس کا صدور بھی مثل کبائر کے مخل عدالت و مستلزم رد شہادت ہے۔ بعد اس دلیل میں قیاس در قیاس واقع ہے کیونکہ جناب امیر المومنینؑ کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر قیاس کرکے کہ عصمت کا لگایا ہے اور ان کو ائمہ کو جناب امیر پر قیاس فرمایا وہو قیاس مع الفارق۔

قولہ: پھر امروہی صاحب فرماتے ہیں۔ [illegible]

اثبات اشتراط عصمت امامؑ کی تیسری دلیل ماخوذہ تفسیر کبیر کا ابطال

قولہ: تیسری دلیل جس کو اثبات عصمت امامؑ میں [illegible]

کا یہ ہے کہ امامت کو ہم جناب نبوت جیسا کہ خود متقدمین میں ویسا ہی خصم کے نزدیک بھی سمجھ لیا ہے حالانکہ خصم اس کو تسلیم نہیں کرتا اور ہو بھی وصف نبوت بالبداہۃ بالاتفاق ایک ایسا وصف ہے جس میں غایۃ التقرب اور کمال خصوصیت حق تعالیٰ کی جناب کے ساتھ حاصل ہے اور کوئی وصف امامت وغیرہ اس منصب کو بالاتفاق نہیں پہنچتا تو جو مناقات کہ اس وصف عالی کو مدعا استحقاق عذاب دلعن کے ساتھ ہوگی وہ مناقات کسی دوسرے وصف کے ساتھ نہ ہوگی اور جو استخفاف و فساد اس وصف کے ساتھ اجتماع استحقاق لعن و عذاب سے لازم آوے گا وہ کسی وصف کے ساتھ اجتماع سے لازم نہ آوے گا تو پس نبوت میں اس دلیل کے جاری کرنے میں یہ معارضہ پیش نہیں ہو سکتا علاوہ اس کے یہ جواب فرماتے ہیں کہ اہل اسلام کا اجماع ہے کہ ائمہ برحق یعنی جناب امیر و اولاد امجد ظاہر میں مستحق لعن و عذاب دائمی سے پہلے آپ ان کفار حضرات کے بالاجماع امامت تو ثابت فرمائیے اس کے بعد اجماع ہونے پر استحقاق لعن و عذاب کا دعویٰ کیجئے ورنہ بالاجماع ثبوت امامت کا ہی ہے ماحصل اس دلیل سے بھی حضرات کا معصوم ہونا ثابت نہیں ہو سکتا

قولہ: پھر مولانا صاحب [illegible]

اثبات اشتراط عصمت امامؑ کی چوتھی دلیل ماخوذہ تفسیر کبیر کا ابطال

قولہ: چوتھی جس کو اثبات عصمت [illegible]

اولاً بالذات انبیاء کو ثابت ہے اور ثانیاً و بالتبع ائمہ و قضات و محتسبان و وعاظ میں بھی پایا جاتا ہے تو جو امر ادنیٰ درجہ کے لوگوں کی شان کے لائق نہیں وہ اعلیٰ درجہ والوں کے لئے ممتنع و محال ہوگا، کیونکہ اس مرتبہ کے ساتھ اس امر کو منافات تامہ ہوگی اور یہ ضرور نہیں کہ اگر کوئی امر اعلیٰ درجہ والوں کے واسطے ممتنع ہو جاوے تو ادنیٰ درجہ سے بھی ممتنع ہو جاوے لائق نہ ہونا دوسری بات ہے اور ممتنع ہونا دوسری، ہاں اس قدر مراتب متفاوتہ میں ضرور ہوگا کہ جو مراتب بحق درجہ عالیہ کے ساتھ ہوں گے ان کو لحوق اور قرب اور تشابہ اس مرتبہ کے ساتھ زیادہ ہوگا، اور جو مراتب درجہ سافلہ سے اقرب ہوں گے ان کو اس درجہ کے اوصاف کے ساتھ زیادہ تشارک ہوگا پس چونکہ مرتبہ امامت و خلافت کو مرتبہ نبوت سے زیادہ لحوق و قرب ہے تو اس لئے ہو سکتے ہیں کہ اگر معصوم نہیں تو محفوظ ہیں، اس تقریر سے واضح ہو گیا کہ یہ معارضہ اسی صورت کے ساتھ مختص ہے جب کہ حکم نزد عالی سے متجاوز ہو کر کسی دوسرے مرتبہ سافلہ میں بھی جاری کیا جاوے اور اگر اسی مرتبہ پر منحصر رکھا جاوے تو معارضہ نہیں ہو سکتا، معاذ اللہ سہو و نسیان میں بھی یہ دلیل جاری نہیں ہو سکتی پس مدعا حضرت مجیب ثابت ہونا بھی ممتنع ہے اب بعد ختم جواب اوزسامی جو امام رازی سے منقول ہوئی مختصر اس قدر اور گذارش ہے کہ علاوہ مفاسد مذکورہ کے عموماً آپ کے استدلال میں یہ فساد ہے کہ آپ کو یہ بھی مسلم نہیں کہ عدم عصمت انبیاء کی صورت میں جو محالات لازم آتے ہیں ان محالات کا عدم عصمت ائمہ کی صورت میں کون سا لازم ثابت مدعا ہے، اور کون سا نہیں آپ نے صرف اپنی قلت استعداد کے سبب سے دھوکا کھایا اور آپ کی تو کیا حقیقت ہے آپ کے حبی وغیرہ نے تلخیص وغیرہ میں جن کے آپ خوشہ چیں ہیں یہ غلطی کھائی، ایسے علماء اعلام کی نسبت قلت استعداد کا گمان تو مستبعد ہے لیکن ان اشتہار مذہب کے واسطے بطور فریب دہی جہاں اس کے مرتکب ہوئے ہوں گے، تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ امام رازی نے دلائل مسفورہ میں عدم عصمت انبیاء کی صورت میں جو لزوم محالات بیان کیا ہے مثلاً پہلی دلیل میں حصاۃ امت سے اقلیت مرتبہ کا لزوم ہے اور دلیل ثانی میں غیر مقبول مستفاد ہونے کا لزوم ہے اور غیر مقبول مستفاد ہونے میں عصمت سے اقل مرتبہ ہونے کا لزوم ہے اور دلیل ثالث میں استخفاف بعض وعذاب کا لزوم ہے اور دلیل رابع میں دخول تحت قولہ تعالیٰ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظَّالِمِينَ کا لزوم ہے پس عدم عصمت کی صورت میں یہ لزومات ہیں جن [illegible]

ہر گز مثبت دعویٰ نہیں، لیکن ثبوت لزوم اول اور ثانی ائمہ میں محال، کیونکہ مستلزم افضلیت یا مساوات ائمہ کی انبیاء سے ہے جو محال ہے سو ثبوت لزوم بالاولیۃ والادلویۃ اور بالمساوات باطل ہوا اور ثبوت لزوم بالضعف والقلت مفید ثبوت مدعا نہیں تو اس پر استدلال کا مدار رکھنا محض قلت فہم و استعداد پر ہو کر وہی پر ہنسی ہے، اب آپ میری گذارش کو خوب غور سے ملاحظہ فرمائیں اور سوچیں واللہ الہادی۔

قولہ: غرض کہ اسی طرح کل دلائل جو امام صاحب نے عصمت انبیاء میں تحریر فرمائی ہیں وہ بعینہٖ یا کسی قدر تغیر سے عصمت ائمہ میں جاری ہیں بخوف طوالت اسی پر اکتفا کیا گیا آپ تفسیر کبیر کو بہ مقام ملاحظہ فرماویں۔

اقول: میں نے ارشاد سامی کی تعمیل کی اور تفسیر کبیر کا یہ مقام دیکھا اس کے دیکھنے کا جو نتیجہ پیدا ہوا وہ جناب پر بخوبی منکشف ہو گیا ہوگا، غالباً جناب نے یہ وہ دلائل نقل فرمائے جو بعینہٖ بلا تغیر عصمت ائمہ میں بزعم جناب جاری ہوتے ہیں سو ان کا بعینہٖ کیا بلکہ تغیر بھی عصمت ائمہ میں جاری ہونا جناب پر خصوصاً اور ارباب انصاف پر عموماً منکشف ہے اور ان دلائل سے جو بتغیر یسیر عصمت ائمہ میں بزعم جناب جاری ہوتی ہیں چشم پوشی اور اغماض فرمانا خود ثبوت عصمت میں بعض ان دلائل میں سے اقوی تھے خالی از علت نہیں، غرض اہل عقل و انصاف کے نزدیک دلائل مذکورہ سے جو بعینہٖ عصمت ائمہ میں بزعم مجیب صاحب جاری ہو سکتے ہیں حال دلائل غیر مذکورہ کا قیاس کیا جا سکتا ہے۔

بحث دلائل عصمت ائمہ از تحفہ اثنا عشریہ

قولہ: اب آپ کے خاتمہ المحققین صاحب کی تقریر جو تحفہ کے باب ششم فصل دوم میں تحریر فرمائی ہے لکھی جاتی ہے، اس سے بھی عصمت ائمہ ثابت ہے گو صاحب تحفہ اس کے منکر ہیں وہ عبارت یہ ہے۔ [illegible]

اثبات ائمہ اطہر علیہم السلام کی پہلی دلیل ماثورہ کا ابطال

مساوات ہے تو ضد اور غیر مساوی ہے اولوالامر کی اطاعت مساوی اطاعت خدا و رسول کے ہرگز نہیں ہو سکتی کیونکہ خدا و رسول جو کچھ امر فرمائے اس میں نہ گنجائش چون و چرا کی نہیں ہو سکتی کیونکہ وہ سراسر تشریع ہے اور اولوالامر کا امر تشریع نہیں اور اس میں تامل ہو سکتا ہے اگر موافق شرع ہو تو واجب الاطاعت ہوگا ورنہ نہیں پس پانچ خود جناب امیر نے ان کی نسبت ارشاد فرمائی جو نہج البلاغہ میں منقول ہے [illegible]

[illegible]

اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ [illegible] جناب امیر نے ان کی نسبت ارشاد فرمائی [illegible] اس سے صاف ظاہر ہے کہ اولوالامر کی اطاعت مساوی اطاعت خدا و رسول کے نہیں ہو سکتی [illegible] اطاعت خدا و رسول کے آخر جناب امیر نے ان کی نسبت ارشاد فرمائی [illegible]

ہے تو اس سے صاف مفہوم ہوتا ہے کہ اس وقت خود جناب امیر اور مفترض الطاعت نہیں تھے بلکہ اور مفترض الطاعت وہ شخص ہے جس کو اس حق اعتقاد نے بنا دیا اور جس سے وہ ہٹ گئے اور خطا پر ہوئے تو وہ مفترض الطاعت ہے اور جو ہٹے تو وہ عادل اور غیر مفترض الطاعت ہیں اور جو [illegible] اطاعت نفس اطاعت خدا و رسول کے برابر اس حالت کے جو حالت [illegible] ہے تحریر فرماتے ہیں [illegible] اس سے واضح ہے کہ [illegible] اطاعت خدا و رسول کے برابر ہے [illegible]

قرار دیتے ہیں کیونکہ اس کی مؤید مفسرین نے تفاسیر میں روایات ذکر کی ہیں،

واطاعت ظاہر ہونا ہے یا نہ ہو دے کہ جو ہب طاعت بصورت تقیہ ہو یا بلا تقیہ یا خاص ہو اور اگر عام ہو اور سے تو پھر تفسیرات شیعہ کو اس کا تکفیر فرمانا چاہیئے کہ تمام سلاطین جابرہ حتی کہ یزید بھی حسب اصول شیعہ جب اظاعت ہو کر دائرہ اسلام میں داخل ہو گیا اور معصوم قرار پایا کیونکہ تمام ہو یا اقتا تقیہ کے وجہ سے اطاعت ہیں اور اگر خاص ہو رہے یعنی وہ خاص اطاعت جو بوجہ ہو تو ثابت ہو رہی اطاعت خاص ہی کہتے ہیں یعنی وہ خاص اطاعت جس میں ضرور ہو کی معصیت نہ ہو تو اس صورت میں تفسیر نے بھی اطاعت میں ایک قید لگا کر اس کو مخصوص کیا اور ہوئے بھی ایک قید لگائی اور اطاعت کو خاص کیا ہیں کوئی اور ہستیں ہے کہ حضرت شیخ نے بالقید کوئی سے وہ آئمہ ہو اور جس نے جو قید لگائی وہ ثابت ہو جائے تو سیاق آیت ہمارا ہی تخصیص کی تائید کرتا ہے کہ وہ اطاعت شیخ حق ثابت اطاعت ہے اور جب اطاعت ہو اور اطاعت ہو کے ساتھ ہو تو اس کے ساتھ ہو تو اس کے ساتھ ہو تو اس

معصی من الدھر حتی یاتی ان یکون
الاستاذ الی الجواب الاخر و ھو ان
بیت اللہ علیہ السلام کانہ
یجتمع و ادخلوہ و شی الجواب
الذی ھو ان اللہ تعالیٰ و
و حی اللہ علیہ السلام
ھو ان اللہ تعالیٰ
ان اللہ تعالیٰ
و اشار ان اللہ

علامہ مجلسی اس کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں

بیان یحتمل ان یکون
اصوات یدین من
و ھو ان اللہ
من اللہ

تیسرے سے صاف واضح ہے کہ ان کی اس عبارت کا مقصد عصمت کے متعلق ہے جس
کا اختلاف اس پر نہیں ہوتا کہ ان کی عصمت ہوتی ہے یا نہیں ہوتی بلکہ اختلاف اس پر ہوتا ہے کہ
عصمت کا دائرہ کار کیا ہے اور کس حد تک ہے اور کس حد تک نہیں ہے۔ اس
عبارت کے پہلے حصے سے یہ بات بالکل واضح ہے کہ ان کے نزدیک ائمہ کی عصمت
ان معنوں میں ہے کہ وہ کسی ایسے گناہ کا ارتکاب نہیں کرتے جس کی وجہ سے
ان کی توہین ہو اور لوگ ان سے نفرت کرنے لگیں۔ اس عبارت کے دوسرے
حصے سے یہ بات بالکل واضح ہے کہ ان کے نزدیک ائمہ کی عصمت
ان معنوں میں ہے کہ وہ کسی ایسے گناہ کا ارتکاب نہیں کرتے جس کی وجہ سے
ان کی توہین ہو اور لوگ ان سے نفرت کرنے لگیں۔ اس عبارت کے دوسرے
حصے سے یہ بات بالکل واضح ہے کہ ان کے نزدیک ائمہ کی عصمت

ہمیں تو پھر حوالہ ائمہ کی عصمت کے دلائل و براہین ائمہ کی عصمت بھی قبول فرمادیں اور ان کو
بھی معصوم عن الخطا تسلیم کریں و ائمہ کی عصمت سے بھی بھاگتے دھوتے پھریں۔ اور ہر وہ امتحان جس کا
وہ کے کہ یہ عمومی طور پر بھی خلاف عقل ہے اور یہ لازم آتا ہے اور عقل کے گذشتہ بیان بھی
درد ہوتا ہے یہ عقیدہ کہ امام معصوم ہی ہو سکتا ہے کیونکہ امام معصوم کی عصمت کو ہی
ثابت ہوگی کیونکہ وہ بھی انسان ہی ہوتا ہے اور وہ بھی واجب الاطاعت ہوتا ہے اور
کے مثل خدا تعالیٰ کی ہوئی وہ ہوگا۔ تو وہ بھی معصوم ہونا چاہئے وجہ سادس میں ہم ان
چکے ہیں ہمیں سمجھ نہیں آتی کہ ان کو معصوم نہ قرار دیا جائے تو پھر ائمہ کی عصمت کا بھی
آیت سے ہی ہے۔ ہمارا جواب ایسے بھی ہے کہ بعد ان دلیل ثابت ہوتا ہے
عدم عصمت امر اس آیت سے واضح ہو کر نہیں ہوتا۔ بعد اس کے ہم باب انصاف کو تکمیل
دیتے ہیں فرض ہو کر ہم سے طلب کی اس عبارت کا ہو قائمہ دلیل ہر طور رفع دلیل
اور حفظ ناقلہ کے تحریر فرمائی ہے مطلب فرمائیں تو ہم سے ہو سکے۔ ہم سے کہ ان
عقل و فراست اس پر قیاس فرمائیں تو پھر ہم کو بعد کی بحث سے کیا ہو سکتا ہے ہم
کے خاتمہ اس بحث اس آیت میں تو جہاں تک کہ شیعہ ہیں یہ تو ثابت ہے کہ یہ آیت نقطہ نادر ہو
ختم ہو چکی اس کے بعد کی نہیں کہ قائم رکھ ہو عقلا بعد سے قبل ان حضرت وجوب
خدا اور ہم پر حجت ان کے ہونے کی ہیں۔ ان آیات کے خلاف سے مستند قرآن ہو
توجیہ نہیں کرتے ہیں سے واجب اطاعت خدا رسول میں فرق پڑتا ہے اور کہ ائمہ کی عصمت
ان آیات کے کوئی تعرض نہیں ہوتا ہے ہم سے ان بعض الگ ہے وہ کہ ان
ہیں کیوں نہ ہو ان کی عصمت کا ہم سے ان حضرات کو کیوں ترک کریں اور
آیتوں سے دلالت شیعہ کرتے ہیں ان سے ان کا ثبوت ہوتا ہے اور ہم
کا سبب نہ قطع نظر سے کہ ہر طرح ان آیات سے ان کی عصمت کا
ان سے ان کی عصمت کا ثبوت ہوتا ہے اور ان کی عصمت کا
ان کی عصمت کا ثبوت ہوتا ہے اور ان کی عصمت کا

جمعیت آیات صحیح نہیں عادۃً اس کے یہ کہنا کہ لفظ اطیعوا باطل کرتا ہے باکل غلط ہے۔

قولہ: اور دلیل دوم کا بیان الامام رازی صاحب کے بیان میں ہو چکا رہی شفاعت سو تمہ بھی تشفیع ہوں گے فاضل رشید بضاع اطافۃ افضال میں حضرت امام رضا علیہ السلام کے نائب مکہ ذکر میں کتب فضل خطاب سے نقل کرتے ہیں عن الرضا قال من ...

[illegible]

اثبات اشتراط عصمت ائمہ کی دوسری دلیل ماخوذہ تحفہ کا ابطال

قولہ: اس دلیل کو جب بھی بیان کرو گے جواب پاؤ گے لیکن شفاعت کی بابت جو عجیب لیپ پوت فصل اخطاب سے کی ہے اور اس کو کفار قریش میں پائے جانے والے [illegible]

[illegible]

اثبات اشتراط عصمت ائمہ کی تیسری دلیل ماخوذہ تحفہ کا ابطال

کل دار مبعون الف بیت و فی... کل
بیت سبعون الف سریر و فی... کل
سریر سبعون الف جاریۃ۔

ور ہر گھر میں ستر ہزار دالان اور
ہر دالان میں ستر ہزار تخت اور ہر تخت
پر ستر ہزار چھپر کریں۔

لکڑا احادیث دین اسق را خواہد و ثواب باشد و خواہد و رخطاب موضوع بایدانست
نام ذکر بر قلیل ثواب حج دعمرہ ذکر فرمایدانکی۔ باوجود اس کے یہ روایت صریحاً تشریر ابطال
کے بھی معارض ہے پس قابل رد ہے نظر برآں ثابت کہ یہ حدیث صحیح سالم عن المعارضہ ہے
لیکن تاہم ہمارے مطلوب کا استدلال اس سے خطاب ہے اس کی یہ ہے کہ شفاعت دو قسم
ہے شفاعت عامہ ہے کہ تمام امت کی شفاعت ہر پیغمبر اپنے رسول کا ہے اور شفاعت صغریٰ
شفاعت خاصہ ہے کہ خاص خاص لوگوں کی ہوگی ہے اور یہ شفاعت صغریٰ جو رفع درجات
کو بھی حاصل ہوگی چنانچہ روایات کثیرہ اہل سنت و شیعہ کی کتابوں میں اس کی مؤید موجود ہیں
اور یہ شفاعت جو اس روایت میں مذکور ہوئی ہے وہ شفاعت خاصہ و صغریٰ ہے کیونکہ
ازیں جز اقرباء کے ساتھ تعلق ہے تو یہ متعلق عصمت کو نہیں ہو سکتا قطع نظر اس سے
یہ جو فرمایا کہ شفاعت شاہ صاحب کے علاوہ سے عصمت کے ساتھ ہے یہ بھی غلط ہے
شاہ صاحب کے کلام سے ہرگز یہ فائدہ نہیں کہ شفاعت عصمت کے ساتھ ہے
ہاں ترجمہ میں یہ کہ کہ شفاعت و عصمت دونوں میں جمع ہیں ایسی کے اوصاف ذکر کیے
ہیں تو مسلم ہیں لیکن اوصاف ذکر اور پھر شاہ صاحب کے فائدہ سے ساقط ہوئے
پس اگر اس کا نام اختلاف ہے جیسا کہ آپ حضرت شاہ صاحب قبلہ پر اس کی طرف
منسوب کرتے ہیں تو بے شک آپ ہیں مخالف ہیں ہاں تو فائدہ اس خوش فہمی کا بھی شاید
کچھ پیش نہ جائے

قولہ: تیسری دلیل بھی بعینہ امر صحیح سالم عن المعارضہ ہے کیونکہ اگر امر کفار کے قتل
جو مرتکب سوئے کردار آدمیوں کو مستلزم فائدہ ہوا ہے تو اس سے لازم نہیں آتا کہ وہ
بعد ارتکاب سوئے کردار مستحق قتل ہوں کفار کی قتل سے جو ہوا ہے

تالحد سہوا وعمدا اس دلیل سے عصمت ثابت کیجئے تب مدعا ثابت ہوگا۔ افسوس کہ سوق دلیل کے وقت آپ اپنے مدعا کو بھول جاتے ہیں اتنا بھی خیال نہیں رہتا کہ مدعا کیا ہے اور ہم دلیل کیا بیان کر رہے ہیں علاوہ ازیں وہ ائمہ جنہیں جواز عمد تالحد عوام کے زعم میں ہے اور تمام عمر بھی کبھی رائج حکومت کا نہیں سنگھاسن امروشی کا اختیار رہا نہ زور وسیاست کبھی کی ہمیشہ دوسروں کے محکوم ومطیع رہے ان کو ملوک سے کیا مناسبت اور سلاطین سے کیا نسبت پس اس دلیل سے ان کی عصمت پر استدلال لانا اور دلیل کے مضمون سے چشم پوشی وتغافل کرنا ہمارے مجیب جیسے منصف کا ہی کام ہے۔ ہاں اگر اس دلیل سے بانضمام ارشاد جناب امیرؑ کے جو منہج البلاغۃ میں منقول ہوا ہے۔ واللہ لا سلمن ما سلمت امور المسلمین خلفاء ثلثہ کی عصمت پر استدلال کیا جاوے اور شارح ابن میثم نے جو کچھ اپنی شرح کبیر میں اس کی شرح میں تحریر فرمایا ہے ملحوظ رکھا جاوے تو ہمارے منصف مزاج مجیب سے کچھ بعید نہیں کہ اس استدلال کو حق سمجھیں شارح ابن میثم فرماتے ہیں وفیہ اشارۃ الی ان غرضہ من المنافسۃ فی ھذا الامر ھو صلاح حال المسلمین واستقامۃ امورھم وسلامتھم عن الفتن وقد کان لھم من سلف من الخلفاء قبلہ استقامۃ وان کانت لا تبلغ عندہ کمال استقامتھا لو ولی ھو ھذا الامر فلذلک اقسم لیسلمن ذلک الامر ولا ینازع فیہ۔ عاقل جناب امیر کے ارشاد کو دیکھنے بعد اس کے شارح کی عبارت میں غور فرما ہو تو تحقق امامت حقہ اور خلافت راشدہ کا اس سے بین معلوم ہوگا اور پہلے اس سے عنقریب گذشتہ اقوال میں حضرت کی ارشاد سے خلفاء کی اطاعت کی تسلیم گزارش کر چکا ہوں تو اس سے عصمت خلفاء بخوبی ہمارے مجیب مستنبط کر سکتے ہیں اگرچہ مخرف تاویل اس ارشاد میں ہم بسط کے ساتھ بحث نہیں کر سکتے لیکن تاہم اس قدر عرض کرنا ضروری سمجھتے ہیں کہ اس ارشاد سے وہ الزامات کہ جن سے شیعہ خلفاء ثلثہ کے دامن کے پاک کو ملوث کرتے ہیں وہ بشہادت جناب امیر باطل اور لغو ہیں نہ جناب سیدہ پر کوئی ظلم ہوا نہ معاذ اللہ بنات نبیات غصب ہوئیں نہ قرآنین تحریف ہوا نہ صحابہ پر غلو وزیادتی ہوئی یہ سب جنایتیں وزرہ و بوبصیر وغیرہ کے جاہلان اور ابن بابویہ ومجلسی وغیرہ کے انبان کا ذخیرہ ہے جو ہر موقع میں مہیا

ف اس کا ترجمہ سابق میں گزر چکا ہے اس کا ترجمہ سابق میں گزر چکا

رنگ پکڑتا ہے اور کسی طرح ٹھیک نہیں بیٹھتا خود جناب امیر کا کلام اس کا مکذب ہو رہا ہے۔

قول: اور وجہ چہارم کی تقریر یہ ہے کہ اگر امام گناہ کرے تو مستوجب ایذا وادانت وعقوبت ہو وقد قال اللہ تعالیٰ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا اس آیت کے تحت میں نیشاپوری لکھتے ہیں۔ قیل نزلت فی المنافقین کالذین یوذون علیا کرم اللہ وجہہ اور نیز احادیث سے ثابت ہے کہ جناب امیر علیہ السلام کی ایذا رسول خدا کی ایذا ہے من اذا علیا فقد اذانی اور جب ایک الم میں یہ بات ثابت ہو تو کل میں ثابت ہوگی

اثبات اشتراط عصمت ائمہ کی چوتھی دلیل ماخوذہ تحفہ کا ابطال

اقول: یہ وجہ بھی ثبوت عصمت ائمہ میں غلط اور پوچ ہے اور نہ یہ دلیل وہ دلیل ہے جس کو شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے عصمت انبیاء میں بیان فرمایا ہے بلکہ یہ صرف ہمارے مجیب لبیب کا ایجاد بندہ ہے شرح اس اجمال کی یہ ہے کہ دلیل شاہ صاحب کا خلاصہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ شانہ انبیاء کے حق میں ارشاد فرماتا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا	جو لوگ ایذا دیتے ہیں اللہ کو اور اس کے رسول کو خدا نے ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی ہے اور ان کے لئے خواری کا عذاب تیار کیا ہے۔

اس میں حق تعالیٰ نے رسول کے ایذاء کو اپنی ایذاء فرمایا اور مطلق ایذاء کو سبب لعن وعذاب کا قرار دیا۔ اور جب مطلق ایذاء سبب لعن وعذاب کے ہوئی تو اس سے صاف معلوم ہو سکتا ہے کہ ان سے معصیت کا صدور ممکن نہیں ورنہ وہ مستوجب ایذاء کے ہوتے اور ان کی مطلق ایذاء سبب لعن وعذاب کا نہ ہوتی اور یہ دلیل ائمہ میں بالمرہ مفقود ہے کیونکہ جو دلیل عصمت ائمہ میں جاری کی ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ شانہ مومنین کی شان میں فرماتا ہے

وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا	اور جو لوگ ایذا دیتے ہیں ایمان والوں اور ایمان والیوں کو بدون کئے کسی کام کے تو تحقیق اٹھایا انہوں نے بہتان کو اور گناہ صریح کو۔

اول تو حق تعالیٰ شانہ نے اس آیت میں عام مومنین اور مومنات کی نسبت یہ حکم فرمایا اور عموم جمع معرف باللام سے مستفاد ہے اور نیز حکم علی المشتق علیہ ماخذ پر دلیل ہے سو جس جگہ علت پائی جائے گی یہ حکم پایا جائے گا سلمنا کہ نزول خاص جناب امیر کی ہی نسبت ہو لیکن العبرة لعموم اللفظ لا لخصوص السبب قاعدہ مسلمہ فریقین ہے ورنہ اکثر آیات قرآنیہ ہی لغو ہو جائے گا کیونکہ اکثر آیات خاص مواقع اور خاص لوگوں کے حق میں نازل ہوئیں اگر خوف تعلیل نہ ہوتا تو ہم اس کو فریقین کی تفاسیر سے ثابت کرتے۔ الحوس کہ ہمارے مجیب کو اتنی بھی خبر نہیں۔ دوسری یہ کہ مومنین کے ایذاء کو حق تعالیٰ شانہ نے اپنی ایذاء نہیں فرمایا جیسا کہ رسول کے ایذاء کو اپنی ایذاء فرمایا اور اس صورت میں ذکر خلاف بطور توطیہ و تمہید کے واقع ہوا ہے تو اس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ جس طرح ایذاء رسول صلی اللہ علیہ وسلم ایذاء خدا تعالیٰ ہے اس طرح ایذاء مومنین ایذاء خدا تعالیٰ نہیں پس اس میں مادہ الفرق اگر پیدا ہو گا تو یہ ہی ہو گا کہ رسول معصوم ہے اس لئے اس کی ایذاء میں حق تعالیٰ نے اپنی ایذاء کو شامل فرمایا اور اس کی ایذاء کو اپنی ایذاء قرار دیا اور مومنین و مومنات معصوم نہیں تو ان کی ایذاء کے ساتھ اپنی ایذاء کو شامل نہ فرمایا بلکہ بغیر ما اکتسبوا کی قید کے ساتھ مقید فرمایا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان سے الگ ہے ایسے افعال کا جن پر مستحق ایذاء کے ہوں ممکن ہے۔ تیسری یہ کہ اگر مومنین سے سرزد افعال کو قرار دیا تو لفظ مومنات کو کہاں لے جا کر ڈالیں گے اور کس محل پر محمول کریں گے۔ پھر حق تعالیٰ نے ایذاء مومنین کو بغیر ما اکتسبوا کی قید کے ساتھ مقید فرمایا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ جو لوگ ناحق بدون پاداش کسی برے کے مومنین و مومنات کو ایذاء دیتے ہیں وہ احمال الزور بہتان اور آثام بین اور جو لوگ کہ کسی فعل کے بدلہ میں ایذاء دیتے ہیں وہ اس وعید سے خارج ہیں تو اس سے مثل زید زانی صحیح ہوا کہ مومنین و مومنات عموماً مصدر ایسے افعال کے ہو سکتے ہیں جس کی پاداش میں مستوجب ایذاء کے ہوں بخلاف رسول کے کہ حق تعالیٰ نے اس کی ایذاء کو کسی قید کے ساتھ مقید نہیں فرمایا بلکہ اس کو مطلقاً بسبب لعن و عذاب کافروں کے فرما دیا جس سے صاف اس کی عصمت ثابت ہوتی ہے اور غیر کی عصمت ہرگز ثابت نہیں ہوتی۔ پانچویں یہ کہ جب نص قرآنی سے ثابت ہو گیا کہ مستحق ایذاء مومنین حرجاً نہیں تو یہ جو حدیث میں وارد ہوا کہ من اذی قد فقد آذانی اس کو کچھ عجب نہیں اور ہوئے تعجب کے مقابلہ سے کیونکہ یہ بھی جناب امیر جس کو اپنی ایذاء رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ ہی ایذاء ہے جو بغیر ما اکتسبوا ہو نہ مطلق ایذاء۔ معہذا اگر بجائے

مجیب بسبب ایسی ہی مطلق ایذاء جناب امیر کو ایذاء جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سمجھتے ہیں اور رسول کی ایذاء خدا کی ایذاء ہے اور خدا کی ایذاء کفر ہے تو پھر ان کلمات موذیہ کی نسبت جن کا جناب سیدہؓ کی زبان مبارک سے نکلنا نسبت جناب امیرؓ کی علماء طائفہ شیعہ بیان فرماتے ہیں کیا فرمائیں گے۔ مانند جنین پردہ نشین شدہ الخ ظاہر ہے کہ ایسے کلمات ناسزا اگر بجا کہتا ہیں تو عصمت سنجا لیے اور اگر بغیر ما اکتسبوا ہیں تو حسب روایت خود جناب سیدہ رضی اللہ عنہا کے ایمان سے معاذ اللہ ہاتھ دھو لیجئے کیونکہ ایسے کلمات جگر خراش ممکن نہیں کہ باعث کوفتہ قلب و سوزش دل نہ ہوں۔ علی الخصوص بے وجہ ناحق اور ایسی ضیق کی حالت میں چنانچہ روایت حضال ابن بابویہ سے جو ایک یہودی کے جواب میں جناب امیرؓ نے اپنی مواضع اتہلا ذکر فرمائی ظاہر ہے اور نیز حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ حسب روایت سابق جب کہ بصرہ کے بیت المال کا مال غبن کر کے مکہ آ بیٹھے۔ یہ بھی جناب کے ایذاء کا باعث ہے۔ چنانچہ جیسا کچھ درد انگیز خط آپ نے ان کو لکھا ہے وہ کسی پر مخفی نہیں ہم سابق میں بیچ البلاغۃ سے اس کی نقل کر آئے ہیں نیز ابن عباسؓ نے بھی جب کہ ام کلثومؓ کا نکاح حضرت عمرؓ سے بجبر خلاف رضا جناب امیرؓ بطلع نفسانی کیا کچھ جناب کو ایذاء پہنچائی علیٰ ہذا خلاف امیر معاویہ سے طلاق یہ بھی آپ کی ایذاء کا باعث تھا صحابہ مقبولینؓ نے سو سے مقلد کے آپ کو مخذول کیا اور تحقیق اس واقعہ میں اضافت نہ کی یہ بھی آپ کی ایذاء کا سبب تھا۔ امام حسینؓ نے بیت المال کے عمل میں بلا اجازت تصرف فرمایا جس سے آپ یہاں تک ناخوش ہوئے کہ ریحان رسول کے جس کو آپ دوش مبارک پر سوار کرتے تھے مارنے کا قصد کیا۔ اور ظاہر ہے یہ ہر ایک کا فعل دوسرے کے حق میں ایذاء کا باعث ہوا امام حسنؓ نے خلافت امیر معاویہ کے سپرد فرمائی۔ یہ بھی آپ کے ایذاء کا سبب تھا اگر آپ بقید حیات ہوتے تو قطعاً متاذی ہوتے۔ قطع نظر اس سے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے بقید حیات ہوتے تو قطعاً متاذی ہوتے۔ قطع نظر اس سے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے ایذاء کا سبب ہوا یہاں تک کہ آپ نے اس کو اپنی ناک مبارک کے کٹنے سے بدتر سمجھا۔ معاویہ نے امام حسین رضی اللہ عنہ کی ہمہ ہی وصیت سے تاخیر و تعاقد کیا یہ کس قدر آپ کے ایذاء کا باعث ہوا۔ بعد حسن رضی اللہ عنہ کے امام سجاد سے امامت کی بابت تنازع کیا یہاں تک کہ فوت حاجت کی نوبت آ پہنچی یہ بھی یقینی ہے جناب امام سجاد کی ایذاء کا باعث ہے کہاں تک شمار کروں۔ آپ کے کافر ہونے اللہ تعالیٰ کسی کے ایمان کو بھی سلامت باقی نہیں چھوڑتے۔ اگر آپ بسعی جمہور خلق تعالیٰ ہیں تو ان بزرگوں کے ایمانوں کا فکر فرمائیے جنہوں اگر بلکہ ما ہیں طعنت

ثابت ہوئی تو پھر کل اماموں میں اس کا ثبوت یا بطریق قیاس ہوگا، اور وہ باب اعتقادات میں مفید نہیں یا کسی دوسرے طریق سے ہوگا اس کو بیان کرنا چاہیئے کہ وہ کیا ہے اور دیکھنا چاہیئے کہ وہ شرعاً باب اعتقادات میں کارآمد ہو سکتا ہے یا نہیں۔ بزعم خود اہل انصاف روزگار اس دلیل کو دیکھ کر ہمارے مجیب کے فہم و انصاف کا بخوبی اندازہ کر سکتے ہیں۔ ہم اس سے زیادہ کیا عرض کریں۔

قولہ: وجہ پنجم کا بیان ظاہر ہے کہ اگر ائمہ کے گناہ امت پر ظاہر ہوں تو اطاعت سے استنکاف کریں اور ان کی نظروں سے گر جائیں اور ان کے احکام وغیرہ کی تصدیق و تعمیل نہ کریں بلکہ تکذیب کریں کہ اگر یہ مواعید وغیرہ کے بیان میں سچے ہوتے تو خود کیوں ان کاموں کے مرتکب ہوتے۔

اثبات اشتراط عصمت ائمہ کی پانچویں دلیل ماخوذہ تحفہ کا ابطال

اقول: عصمت ائمہ میں اس کا ذکر ہنسی کے قابل ہے۔ بل انصاف سمجھ گئے ہوں گے کہ عصمت ائمہ میں اس کا بیان مصداق اس شعر کا ہے بیت

پرخوش گفت است سعدی در زلیخا — الایا ایہا الساقی ادر کاسا و ناولہا

بداہۃً اس دلیل کا مبنیٰ اس امر پر ہے کہ ائمہ بالاستقلال مبلغ شریعت ہیں پس اگر ہے تو یہ مسئلہ علماء شیعہ کے مسلمات سے ہے کہ تمام امور شریعت کے مثلاً تحلیل و تحریم وغیرہ سب ائمہ کو سپرد کر رکھے ہیں، ان حق ہرگز اس کو تسلیم نہیں کرتے وہ انبیاء کو مبلغ سمجھتے ہیں اور ائمہ کو ائمہ اصل کو اصل، و تابع کو تابع پھر اپنے مسلمات سے خصم کو الزام دینا ہمارے مجیب جیسے عاقل و انصاف پرست کا ہی کام ہے۔ ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایام حیات میں دین تکمیل ہو چکا ہے اور الیوم اکملت لکم دینکم نزول اجلال پا چکا تھا اور امام صرف مروج شرع ہے، اور اس کا کام یہ ہے کہ امت کو شریعت محکمہ پر چلا دے تو وہ اگر مرتکب معصیت ہو تو اس کی اطاعت سے استنکاف کے کچھ معنی نہیں ہیں اور نہ ان کے احکام جو مطابق شرع ہوں عدم تصدیق و تعمیل کی کوئی صورت ہے اور جو احکام کہ شریعت کے موافق نہ ہوں وہ خود بلس واجب الاطاعت نہیں تو امام کی اطاعت میں من حیث انہ مبلغ الشرع ہے نہ بحیثیت متبع تو مزدور ان امور میں متبع نہ ہوگا، معہذا حق تعالیٰ شانہ نے امم کی اطاعت کے

بیان میں صاف ارشاد فرما دیا: فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اگر کسی امر میں امت و اولوالامر باہم تنازع کریں اس کو کتاب و سنت کی طرف لوٹا دیں اگر موافق ہو قبول کریں ورنہ رد کریں تو ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ یہ کچھ ضرور نہیں کہ امام کا قول و فعل موافق شرع ہی ہو اور یہ ہی عدم عصمت ہے پس جب کہ ہمت کے ہاتھ میں میزان مستقیم شرع موجود ہے تو ان کو امام کے غیر معصوم ہونے سے کیا ڈر، اور کسی حکم میں امام کی تصدیق کرنے سے کیا خوف مخالف نبی کے کہ اگر اس سے استنکاف کریں اور اس کی تصدیق نہ کریں بلکہ تکذیب کریں۔ تو دین و شریعت ہی درہم برہم ہو جائے پس اس دلیل سے عصمت ائمہ میں استدلال کرنا ایک تعجب انگیز قصہ ہے۔ علاوہ اس بحث کے باقی نقوض و اعتراضات جو اس استدلال پر وارد ہوتے ہیں، وہ ان اعتراضات سے جو ہم دلائل سابقہ کے ابطال میں بیان کر آئے ہیں معلوم ہو سکتے ہیں لہٰذا خوف طوالت ہم ان کو ترک کرتے ہیں۔

شاہ عبدالعزیز کے معاملہ میں شیعہ کی مغالطہ انگیزی کا جواب

قولہ: الحمد للہ کہ آپ کے خاتم المحدثین کی ہی تقریر سے عصمت ائمہ ثابت ہے شاید اب تو آپ بھی مان لیں۔

اقول: پیارے مجیب یہ آپ کا محض زعم و توہم ہے۔ جو مقتضا حبک الشیء یعمی و یصم آپ کا سدراہ تعلیق ہے ورنہ فی الحقیقت جو امر کتاب و سنت سے ثابت نہ ہو بلکہ عقل و حق کے خلاف ہو اس کا ثبوت خاتم المحدثین کی تقریر سے ہرگز نہیں ہو سکتا ہے میں امید کرتا ہوں کہ اگر آپ بنظر انصاف و تحقیق حق اس مسئلہ میں غور فرمائیں گے تو آپ کو بھی معلوم ہو جائے گا۔ واقعی یہ امر خلاف عقل و نقل ہے بلکہ آپ کی روایات مذہب کے بھی مخالف ہے۔ علامہ مجلسی نے جلد دوم بحار الانوار کے باب کتمان العلوم میں چند روایات تخریج فرمائی ہیں جس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ آیت إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالْهُدَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا بَيَّنَّاهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتَابِ ۙ أُولَٰئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللَّهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللَّاعِنُونَ کا مصداق ائمہ علیہم السلام ہیں

عن محمد بن علی بن جعفر علیہ السلام قولہ — امام محمد باقر سے تفسیر قول حق جو لوگ چھپاتے
اللہ یلعنہم اللاعنون قال ہم — ہیں جو کچھ کہ ہم نے نازل کیا درحالیکہ

البینات والھدیٰ من بعد ما بینّاہ للناس فی الکتاب یعنی بذلک نحن واللہ المستعان۔

بعد اس کے کہ بیان کر دیا ہم نے اس کو لوگوں کے لئے کتاب میں، میں مروی ہے کہ اس سے ہم مراد ہیں اور اللہ سے مدد چاہتے ہیں۔

عنہ عن ابن ابی عمیر عن ذکرہ عن ابی عبداللہ علیہ السلام ان الذین یکتمون ما انزلنا من البینات والھدیٰ فی علی علیہ السلام۔

امام ابو عبداللہ سے مروی ہے کہ آیت ان الذین یکتمون ما انزلنا من البینات والھدیٰ حضرت علی کے بارے میں نازل ہے۔

عنہ عن عبداللہ بن بکیر عن حدثہ عن ابی عبداللہ علیہ السلام فی قول اولئک یلعنھم اللہ ویلعنھم اللاعنون قال نحن ھم وقد قالوا ھم الائمۃ عن بعض اصحابنا۔

امام ابو عبداللہ سے تفسیر قول تعالیٰ اولئک یلعنھم اللہ ویلعنھم اللاعنون میں مروی ہے فرمایا وہ ہم ہیں، اور کہا ہے کہ حضرات ائمہ ہیں۔

عنہ عن ابی عبداللہ علیہ السلام قال قلت لہ اخبرنی عن قولہ ان الذین یکتمون ما انزلنا من البینات والھدیٰ من بعد ما بیناہ للناس فی الکتاب قال نحن نعنی بھا واللہ المستعان ان الرجل منا اذا صارت الیہ لم یکتمہ او لم یسعہ ان یبثہ للناس من یکون بعدنا وروی محمد بن مسلم قال ھم اھل الکتاب۔

امام ابو عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے راوی نے آپ سے سوال کیا مجھ کو خبر دیجئے ان الذین یکتمون ما انزلنا من البینات والھدیٰ من بعد ما بیناہ للناس فی الکتاب۔ سے فرمایا اس سے ہم مراد ہیں اور اللہ سے مدد مطلوب ہے۔

ان روایات سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ معاذ اللہ تمام تر لعنات خدا کے دین کے چھپانے والے اور معاذ اللہ توبہ توبہ ہیں کہ جس کفر کو لعنت خدا کے اور لعنت کرنے والوں کے لعنوں میں پیش اور دوسری روایت سے بخوبی یہ ثابت ہے چوتھی روایت اس صراحت کے ثبات کے لئے بہت بڑی قوی دلیل ہے تو جب حضرات شیعہ نے بمقتضائے عناد و دشمنی ان کے دشمنوں کو اللہ کی آیتیں چھپانے والے اور لعنوں لعنہ یافتوں کے غیر معصوم ہونے کو

ثابت نہیں کیا بلکہ کفار سے بھی بُرائی میں بڑھا دیا، حضرت علامہ باقر مجلسی نے اس صریح کفر کو اس طرح چھپانا چاہا ہے کہ وہ صرف تیسری روایت کی تفسیر میں جو عبداللہ بن بکیر سے مروی ہے فرماتے ہیں:

بیان ضمیرھم راجع الی اللاعنین۔ بیان ضمیر ہم لفظ لاعنین کی طرف پھرتے ہیں۔

بھلا کوئی عاقل متدین علامہ کی اس پوچ توجیہ سے اس کفر صریح کو جو ان روایات سے مثل آفتاب روشن ہے پوشیدہ سمجھ سکتا ہے۔ اگرچہ ہم کو علامہ کی اس تاویل بلکہ تحریف کے ابطال کی کچھ ضرورت نہ تھی کیونکہ اہل فہم و انصاف سیاق عبارات سے خود سمجھ سکتے ہیں لیکن بنظر تسکین خاطر مجیب لبیب کے ہم مختصر بیان پر اکتفا کرتے ہیں۔ پہلی اور دوسری روایت میں جس قدر آیت لکھ کر فرمایا ہے کہ اس سے ہم مراد ہیں۔ ان میں لاعنین کا ہرگز ذکر نہیں کیا بلکہ اس میں صرف کاتمین کا ہی ذکر ہے جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ ائمہ کاتمین ہیں نہ لاعنین۔ علاوہ ازیں لفظ واللہ المستعان فرمانا خود اس کے ثبوت کی دلیل ہے کہ آپ کاتمین ہیں کیونکہ اس کا اطلاق مشقت اور تکلیف کے وقت ہوتا ہے چنانچہ واللہ المستعان علی ما تصفون۔ جو تیسری روایت اس کے ثبوت میں نص صریح ہے کیونکہ اس سے صاف ثابت ہے کہ یا مراد ائمہ ہیں یا اہل کتاب اور ظاہر ہے کہ لاعنین میں یہ دونوں احتمال جاری نہیں ہو سکتے کیونکہ اہل کتاب لاعنین نہیں۔ ہاں ان میں بعض کاتمین حق ہیں جو ملعونین ہیں نہ لاعنین تو یہ دونوں احتمال کو مراد یا ائمہ ہوں یا اہل کتاب اسی صورت میں صحیح ہو جب کہ ضمیر ہم کی راجع لفظ الذین یکتمون یا اولئک کی طرف ہو قطع نظر اس سے اس روایت میں حضرت امام نے بعد اس بیان کے کہ اس سے ہم مراد ہیں اس کی تائید میں یہ بھی فرمایا کہ ہر امام سابق پر واجب ہے کہ وہ خلافت خلیفہ لاحق پر نص فرما دے اور اس کو ہرگز جائز نہیں کہ وہ نص نہ کرے اور اس کو چھپا دے تو اس سے صاف معلوم ہوا کہ مقصود اس آیت سے بیان تعدد ائمہ ہے۔ لیکن اس میں کوئی ایسا لفظ جو عدم وقوع کتمان یا وقوع کتمان محتمل ہونے پر دلالت کرے وارد نہیں بلکہ یہ کلام صریح وقوع کتمان پر دال ہے چنانچہ اہل کتاب اسی وجہ سے اس کے مصداق ہیں تو اس سے معاذ اللہ ائمہ کے دشمنوں کا بروایات حضرات شیعہ کاتمین حق ہونا ثابت ہوا اور علامہ مجلسی کو یہ دھوکا شاید تیسری روایت سے پڑ گیا ہوگا کہ اس میں وقد قالوا ھم الائمۃ ذکر ہے تو اس کے تقابل سے سمجھا جا سکتا ہے کہ یہ تفسیر لاعنون کی ہے نہ کاتمین کی مگر یہ اس وقت ہے کہ سبب کہ یہ مقولہ ائمہ کا تفسیر ہو۔ مگر اس کو مانع

کرے اور کہے کہ یہ جملہ بعض روایت شیعہ کا اپنی ناموس مذہب کی حفاظت کے لئے تراشا ہوا ہے تو اس وقت علامہ کا یہ توہم بھی باطل ہوگا۔ طرفہ تماشا یہ ہے کہ علامہ مجلسی کو خود بھی اس جملہ کی نسبت یقین نہیں کہ یہ جملہ ائمہ کا مقولہ ہے بلکہ علامہ کے نزدیک احتمال ہے کہ یہ جملہ ائمہ کا ارشاد ہو اور احتمال ہے کہ مولف کے جس سے علامہ نے نقل کی ہے کلام ہو اور احتمال ہے کہ بعض روات کا اضافہ ہو پھر جب اس قدر احتمالات قائم ہیں تو استدلال نہیں ہو سکتا ہے علامہ مجلسی فرماتا ہے۔

قوله وقد قالوا اما كلامه عليه السلام فضمير الجمع راجع الى الائمة او كلام المولف او الرواة فيحتمل ارجاعه الى اهل البيت عليهم السلام ہیٹا۔

وقد قالوا اگر امام علیہ السلام کا کلام ہے تو اس صورت میں جمع کی ضمیر امام اور اہل سنت و غیرہ کی طرف پھرے گی یا یہ کہ مولف کتاب اصفر ہیاتی کا ہے یا دوسرے راویوں کا کلام ہے تو اس صورت میں احتمال یہ بھی ہے کہ ضمیر اہل بیت کی طرف راجع ہو۔

چلو بفرض محال مان لیتا کہ ضمیر ہم لاعنین کی طرف ہی راجع ہے اور حضرات ائمہ ہی لعنون علیہ ہیں شیعہ کے لاعنین ہیں لیکن ہم کہتے ہیں یہ بھی برائی سے خالی نہیں کیونکہ جناب امیر نے اپنے شیعہ کے سباب اور لعان ہونے کو مکروہ اور ناپسند فرمایا ہے تو جو امر ادنیٰ امت کے لئے ناپسندیدہ ہو ائمہ کی جناب میں کیونکر نسبت کیا جا سکتا ہے۔

ومن كلام له وقد سمع قوما يسبون اهل الشام ايام حربه بصفين اني اكره لكم ان تكونوا سابين۔

آپکا کلام جبکہ آپ نے ایک گروہ کو اہل شام کو سب کرتے ہوئے دیکھا جنگ صفین کے ایام میں تم سے کراہت رکھتا ہوں کہ سب کرنے والے ہو۔ اور ناپسند سمجھتا ہوں کہ تم سب کرنے والے ہو۔

تعجب ہے اپنے شیعہ کے لئے تو لعان و سباب ہونا ناپسند فرماتیں اور خود اس قدر لعانہ ہوں کہ خدا تعالیٰ ان کو اس وصف سے ذکر فرما دے یہ صرف حضرات مدعیان وداد و تمسک کی زبانی وادار کا مقتضا نہیں تو اور کیا ہے۔

بحث نص

قول: اب نص کا بیان سنئے گو آپ نے بہ تقلید اپنے خاتم المحدثین کی ان شاء اللہ کی نسبت فرمایا ہے کہ باوجود یکہ دلائل شرعیہ سے ثابت نہیں مستدرد ہیں مگر نص کا وجوب

اقوال صحابہ و علماء کرام اہلسنت سے ثابت ہے صحیح مسلم کی کتاب الامارت میں باب الاستخلاف ملاحظہ فرمائیے کہ جناب ابن عمر ترک استخلاف کو ضیاع و فساد مردم کا سبب جانتے تھے چنانچہ اپنے اس عقیدہ میں ایسے راسخ تھے کہ جب سنا کہ ان کے پدر بزرگوار بدوں استخلاف دنیا سے انتقال فرمانا چاہتے ہیں تو نہایت ہی تمین و تورع سے اپنے باپ اور امام وقت کو نصیحت فرمائی بخوف طوالت نقل عبارت نہیں کرتے آپ دیکھ لیں کہ وہ استخلاف کو نہایت ہی ضروری سمجھتے ہیں اور اس کے ترک کو عین تضیع و افساد مردم جانتے تھے اور اس کے تارک کو اس راعی سے مشابہت دی ہے کہ مشترد غنم کو مہمل چھوڑ کر کہیں چلا جائے غور فرمائیے کہ آپ کے خاتم المحدثین جو اس عقیدہ کو مخالف عقل و نقل فرماتے ہیں کیا حضرت ابن عمر کی شان میں بھی ایسا ہی فرمائیں گے یا خاتم المحدثین صاحب نے صحیح مسلم ملاحظہ نہیں فرمائی تھی۔

شیعہ سنی نزاع پر مسئلہ عصمت ائمہ کی دلیل

اقول: بحول اللہ و قوتہ جب کہ ہم دلائل عصمت کا ابطال و استیصال کر چکے تو ہم کو کچھ ضرورت نہ تھی کہ ہم ابطال دلائل نص و افضلیت میں اپنا وقت گراں بہا ضائع کریں کیونکہ جب عصمت ہی باطل ہو گئی تو تمام امامت ہی اصولاً و فروعاً باطل ہو گئی تو پھر اشتراط افضلیت و نص باطلہ کے ابطال کی کچھ حاجت نہ رہی لیکن ناظرین مناظرہ کے رفع طغیان اور اپنے مجیب لبیب کے مزید اطمینان کے لئے ہم اس طرف بھی متوجہ ہوتے ہیں اور مختصراً گذارش کرتے ہیں چونکہ ہمارے مجیب کی عادت ہے کہ استدلال کے وقت اپنے دعوے کو جلا دیتے ہیں مدعا کچھ ہوتا ہے اور دلائل کچھ لاتے ہیں اس لئے مناسب ہے کہ مابہ النزاع مسئلہ مجملاً بیان کریں اور ناظرین اور اپنے مجیب کو یاد دلائیں کہ آپ کا یہ دعویٰ ہے اگر دلائل اس کے مطابق ہوتے تو البتہ قابل التفات ہوں گے ورنہ لائق توجہ بھی نہیں سمجھے جائیں گے پس واضح ہو کہ اس جگہ مابہ النزاع اہل سنت و شیعہ میں مسئلہ اشتراط نص و افضلیت ہے شیعہ معتقد ہیں کہ امام کے لئے نص و افضلیت مثل عصمت کے شرط ہے اگر نص و افضلیت نہ ہو تو امامت باطل ہے اور اہل سنت کہتے ہیں کہ جیسے امام کے واسطے عصمت شرط نہیں اسی طرح نص و افضلیت بھی شرط نہیں ہے عصمت سوائے انبیاء کے کسی بشر میں نہیں پائی جاتی نص و افضلیت کا تحقق ہو سکتا ہے لیکن اگر ان کا تحقق نہ ہو تو بھی امامت متحقق ہو

سکتی ہے ہمارے مجیب اس جگہ اس امر کے اثبات کے درپے ہیں کہ اشتراط نص کو ثابت فرمائیں اور اس کے اثبات کے لئے چونکہ مسئلہ اعتقادی ہے دلائل قطعیہ بہم پہنچائیں تو بس خلاصہ دعوی مجیب لبیب یہ ہے کہ امامت کے لئے شرط غالب نص جلی خداوند متعالی کی طرف سے شرط ہے اگر نص نہ پائی جائے گی تو امامت و خلافت منعقد نہ ہوگی پس مدعا کو اپنے حافظہ میں محفوظ رکھ کر ہماری گذارش سنیں کہ جب یہ مسئلہ آپ کے نزدیک اصول بلکہ اصل اصول دین میں سے ہے تو اول واجب تھا کہ اس کے اثبات کے واسطے دلائل قطعیہ پیش کرتے۔ اس مقام میں جس قدر آپ نے دلائل ذکر فرمائے ہیں اگر ان کی قلعیوں اور مفاسد سے جو مسلمہ متناظرین فیما بین جاری کرنے سے لازم آتی ہے چشم پوشی کی جاوے اور بفرض محال ان کو صحیح تسلیم کر لیا جاوے تاہم آپ کے مدعا کی ثبت نہیں ہو سکتی، کیونکہ قطعی مدعا دلائل ظنیہ سے کیونکر ثابت ہو سکتا ہے مع ہذا قطع نظر اس سے کہ آپ کا مدعا قطعی ہو یا ظنی اس قدر تو ضرور ہے کہ دلیل اس امر کو ثابت کرے کہ درصورت عدم تحقق نص کے عدم تحقق امامت ہوگا۔ اب آپ فرمائیے کہ آپ کی کونسی دلیل سے بدلالت مطابقی یہ امر ثابت ہوتا ہے کہ الخ نص نہ ہو تو امامت متحقق نہ ہوگی۔

اثبات اشتراط نص کی پہلی دلیل کا ابطال

اب میں تفصیل وار پر دلیل دلیل پر بحث کرتا ہوں بغور و انصاف سنیے۔ دلیل اول صحیح مسلم کی کتاب الامارۃ سے جو ابن عمرؓ کے قول کا ماحصل نقل کر کے اس سے اس مدعا پر استدلال کیا ہے بالکل غیر مفید مدعا ہے اور غلط کیونکہ ابن عمرؓ کے قول سے آپ کا مدعا اس وقت ثابت ہوگا جب کہ آپ یہ ثابت فرمائیں گے کہ جو خلافت و امامت بلا نص و استخلاف واقع ہوئی وہ ان کے نزدیک باطل ہے اور ظاہر ہے کہ خلافت عثمانیہ اور خلافت رابعہ ابن عمر کے نزدیک بلا نص واقع ہوئی بلکہ اول کی بعض ابن عمر کے نزدیک بہ بیعت کیونکہ یہ بھی کیفیت ہے کیونکہ جناب علیہ ثانی کے اس قول کے جواب میں کہ ان کو استخلاف فرمایا۔ اور رد نہیں کیا اور ثانیہ فرع اولی کے ہے تو مدعا مجیب لبیب اس وقت ثابت ہوتا ہے کہ ابن عمرؓ کے قول سے بطلان خلافت راجدہ لبیب عدم ورود نص کے ثابت ہو جاوے اور یہ محال ہے، نہیں اس روایت سے استدلال کرنا اس پر مبنی ہے کہ ہمارے مجیب لبیب اپنے مدعا سے متغافل ہیں۔ ابن عمرؓ کے اس قول سے اگر بفرض محال وجوب نص ثابت ہو بھی تاہم مستلزم اشتراط نہیں کو مفید مدعا ہو آپ نے دیکھا ہوگا کہ امام نووی نے

اس حدیث کی شرح میں عدم وجوب نص پر اجماع لکھا ہے تو ہو سکتا ہے کہ حضرت ابن عمرؓ نص کو اولی و مستحسن سمجھتے ہوں۔ لیکن علماء اسلام مستحبات کو بھی عمل میں مثل واجب کے سمجھتے ہیں اور نیز قاعدہ ہے کہ ہر شخص اپنے مدعا کو حتی الوسع مدلل و مبرہن بیان کیا کرتا ہے تو اس لئے انھوں نے اس کو اس مدلل پیرایہ میں ظاہر فرمایا۔ لیکن جب جواب سن لیا تو چونکہ امر ضروری نہ تھا اس لئے سکوت فرمایا اور مکرر اس باب میں لب کشائی نہ ہوئی کیونکہ جو دلیل حضرت عمرؓ نے ذکر فرمائی وہ بداہتہ اس امر پر دال ہے کہ استخلاف و عدم استخلاف ہر دو جائز ہیں واجب نہیں اور نیز یہ بھی ممکن ہے کہ ابتداء میں دفعۃً حضرت ابن عمرؓ کے ذہن میں لزوم نص آیا ہو لیکن جب کہ حضرت امیر المومنین فاروق رضی اللہ عنہ کی زبانی دلائل قاطعہ سے عدم لزوم معلوم ہو گیا تو اپنے قول سے رجوع فرمایا۔ مع ہذا جب کہ خلیفہ ثانی نے ان کے جواب میں عدم وجوب نص بیان فرمایا اور حضرات میں سے کسی نے اس کا رد و انکار نہیں فرمایا تو اجماع سکوتی ہو گیا۔ پس خاتمہ دلیل پر جو کچھ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت ہمارے مجیب نے تحریر کیا وہ کمال وقاحت کی دلیل ہے مدعا کو دلیل سے ثبوت کی تو بھی نہیں پہنچی اور زبان درازی شروع کر دی۔ حضرت ابن عمرؓ کا عقیدہ اشتراط نص کا جو مستلزم عدم انعقاد خلافت غیر منصوصہ کو ہی پہلے ثابت فرمایا ہوتا اور اس کے بعد کچھ کہا ہوتا لیکن جب دیدہ بصیرت کل فہم و انصاف سے خالی ہو تو بجز سکوت کے کیا جواب دیا جاوے۔

قولہ، جناب ابن عمرؓ ہی پر منحصر نہیں ہے اور صحابہ کا بھی یہ ہی اعتقاد تھا۔ چنانچہ مواہب کابلی صواقع میں جس کا ترجمہ آپ کے خاتم المحدثین نے فرما کر اور تھوڑا سا تغیر و تبدل کر کے تحفہ لکھا ہے۔ ذیل قول جناب امیر علیہ السلام یعنی القوم الذین الخ یعنی ابا بکر و عمر و عثمان مطلب ثانی مقصد رابع امامت میں فرماتے ہیں وذھب بعضھم الی ان الامام یجب ان یکون منصوصا علیہ نصا جلیا او خفیا والیہ ذھب عبد اللہ بن مسعود وابو ذر الغفاری وحذیفۃ ابن الیمان وانس بن مالک وابو ھریرۃ وغیرھم وجعفر من المعتزلین وشرذمۃ من الاصولیین وطائفۃ من المتکلمین وحکاہ عن الفقہاء انتہی حیرت و تعجب ہے کہ آپ کے خاتم المحدثین نے باوجود یکہ اس کتاب کے اکثر بلکہ کل مضامین ترجمہ کئے ہیں اس مقام کو حذف نہ فرمایا۔ نہ اس جرأت سے اس عقیدہ کی نسبت نہ فرمائے کہ یہ عقیدہ عقل و نقل کے خلاف ہے۔

اثبات اشتراط النص کی دوسری دلیل کا ابطال

اقول: یہ دلیل بھی زبان حال سے چلا کر کہہ رہی ہے کہ ہمارے مجیب کو اپنے مدعا کی خبر نہیں رہی اور نیز اس دلیل سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ ہمارے مجیب نے یا اپنے مجیب کے اس بزرگ نے جس سے وہ اس کو نقل فرماتے ہیں نقل عبارت صواقع میں کمال دیانت فرمائی ہے اور جو جملہ کہ اپنے مذہب کے مخالف اور اس عبارت کے مابعد بہت ہی قریب مذکور ہے اور گویا تتمہ اس عبارت کا ہے اس کو حذف کر دیا سمجھا ہوگا کہ صواقع عزیز الوجود کتاب ہے کہاں دستیاب ہوتی ہے جو کوئی معاتبہ کر کے غلطی نکالے گا۔ لیکن خدا تعالےٰ کے فضل وکرم سے اس عاجز کو یہ کتاب بلا دقت میسر ہو گئی اس لئے اصل کتاب سے پوری عبارت اہل انصاف کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ اہل انصاف ملاحظہ فرما دیں اور یہ بھی دیکھیں کہ ہمارے مجیب لبیب کے مدعا سے اس دلیل کو کچھ تعلق ہے یا نہیں۔

ذهب بعضهم الى ان الامام يجب ان يكون منصوصا عليه نصا جليا وخفيا واليه ذهب عبد الله بن مسعود وابو الدرداء وحذيفة بن اليمان وانس بن مالك وابو هريرة وغيرهم وجم غفير من المحدثين وشرذمة من الاصوليين وقالت من المتكلمين وجماعة من الفقهاء وتمسكوا بالاحاديث الواردة فى خلافة الخلفاء الاربعة واختلفوا فى النص والجمهور على انه جلى وجمع على انه خفى واليه ذهب الحسن البصرى واتفقوا على انها ثبتت بالاجماع ان لم يتعين الا فضل ولم يوجد النص متلقى.	بعض اس طرف گئے ہیں کہ امام کا منصوص ہونا خواہ جلی ہو یا خفی واجب ہے اور اسی طرف گئے ہیں عبد اللہ بن مسعود اور ابو درداء اور حذیفہ بن الیمان اور انس بن مالک اور ابو ہریرہ اور محدثین کی ایک بڑی جماعت اور اصولیین کا ایک گروہ اور متکلمین میں کا ایک فرقہ اور فقہاء میں سے ایک جماعت اور ان احادیث سے دلیل پکڑی ہے جو خلفاء اربعہ کی خلافت کے بارہ میں واقع ہوئی ہیں اور نص کے باب میں اختلاف ہے جمہور اس پر ہیں کہ نص جلی ہے اور ایک جماعت اس پر ہے کہ وہ نص خفی ہے حسن بصری اسی طرف گئے ہیں اور اس پر سب متفق ہیں کہ اگر افضل متعین نہ ہو اور نص نہ پائی جاوے تو خلافت اجماع کے ساتھ منعقد ہو جاتی ہے۔

اس عبارت کے آخر کا جملہ واتفقوا سے جو بہ بتہ مدعا کی نقیض کو ثابت کر رہا ہے قصداً ترک فرمایا

تاکہ استدلال بوجہ اتم راست ہو پس اگر یہ نقل میں خیانت نہیں تو کیا ہے۔ لیکن اگر اس جملہ سے قطع نظر کی جاوے تاہم یہ عبارت ہمارے مجیب کے ثبوت مدعا میں کچھ فائدہ بخش نہیں ہے کیونکہ نص عام ہے جلی ہو یا خفی اور آپ کا دعویٰ اثبات نص جلی کا ہے تو اس صورت میں آپ کا دعویٰ خاص ہے اور دلیل عام ہے اور دلیل عام سے خاص مدعا کا ثبوت ناممکن ہے اور اگر بنور تامل دیکھا جاوے تو دلیل و مدعا میں باہم عموم وخصوص نہیں بلکہ تغائر و تباین ہے تفصیل اس کی یہ ہے کہ آپ کے نزدیک العقاد امامت کے لئے یہ شرط ہے کہ حق تعالیٰ کی طرف سے اس طرح نص وارد ہوئی ہو کہ فلاں شخص بعد فلاں نبی یا فلاں امام کے اس کا خلیفہ ہے اگر اس طرح نص نہ ہوگی تو امامت وخلافت منعقد نہ ہوگی اور صحابہ میں سے کوئی اس کے لزوم واشتراط کا قائل نہیں اور کسی نے اس کو ضروری نہیں سمجھا اور نص جلی سے بھی یہ مراد نہیں ہے کہ جو معتقد علیہ سامی ہے۔ چنانچہ جملہ وتمسکوا بالاحادیث الواردة فى خلافة الخلفاء الاربعة اس مدعا پر ظاہر دلیل ہے تو بس دلیل و مدعا باہم متغائر ہوئی پس ایسی پوچ اور غلط دلیل پر اس قدر ناز و افتخار۔ اور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت صواقع میں اس مقام کے نہ دیکھنے کا الزام بالکل لغو اور ناجائز ہے علی الخصوص جب کہ شاہ صاحب کی عبارت کو جو تحفہ میں مذکور ہے دیکھا جاوے وہ فرماتے ہیں۔ وامامیہ میگویند کہ نصب امام بر خدا واجب است پس میباید کہ منصوص بود از جانب خدا و این عقیدہ مخالف عقل و نقل است۔ معلوم نہیں یہ مدعا جو مجسموعہ امرین کا ہے اور جس کو شاہ صاحب مخالف عقل و نقل فرما رہے ہیں اس کو ہمارے مجیب نے کیونکر موافق عقل و نقل کے ثابت کیا ذرا تو انصاف فرمائیں اپنی دلیل کو بھی ملاحظہ فرمائیں اور جس کی نسبت شاہ صاحب نے فرمایا کہ خلاف عقل و نقل ہے اس کو بھی دیکھیں اور سوچیں بعد اس کے اپنے طعن کو میزان انصاف میں رکھ کر تولیں تو صاف معلوم کر لیں گے کہ آپ نہ عبارت صواقع کو سمجھے اور نہ تحفہ کو سمجھے اور نہ خود اپنا مدعا ہی ضبط فرمایا۔ خدا تعالیٰ توفیق انصاف و راہ راست عطا فرما دے۔

خاندان شاہ ولی اللہؒ کے معاملہ میں شیعہ حضرات کی بدزبانی اور تعریض کا جواب

قولہ: اگرچہ اس مقام میں ہم بہت کچھ گفتگو کر سکتے ہیں مگر بنظر اختصار ترک کر کے

اب حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کی نص کے باب میں شہادت لکھتے ہیں کہ یہ حضرت بنابر مشہور آپ کے خاتم المحدثین کے والد ماجد ہیں اگرچہ تحذیر میں ان کے الثبوت ہیں تو یہ فرمایا ہے مگر نہایت ہی درجہ کی تعریف وستائش فرمائی ہے حتیٰ کہ آپ نے از آیات الٰہی و معجزہ از معجزات جناب رسالت پناہی ان کی شان میں لکھا ہے جیسا کہ پہلے بھی گذر چکا ہے۔

اقول: نہایت افسوس رہا کہ اس مقام پر آپ نے بہت کچھ گفتگو نہ فرمائی جس قدر اس مقام پر گفتگو واقع ہوئی ہے اس سے آپ کے علم وفہم و انصاف کی کیفیت اور استدلال کی حالت بخوبی منکشف ہو گئی ہے اور اگر اور کچھ گفتگو فرماتے تو اور زیادہ اغلاط فاضحہ ثابت ہو کر اس دعویٰ کو باطل کرتے جو آپ نے ابتداء جواب میں فرمایا ہے۔ بہتر ہوا کہ آپ نے انتقاد کے پیرایہ میں اس کو ترک فرمایا۔ اور جو کچھ حضرت شاہ صاحبؒ کی نسبت لفظ بنابر مشہور لکھ کر تعریض فرمائی اور باوجود ادعاء تہذیب واخلاق کے بدتہذیبی کا جامہ پہنا اس کے جواب میں ایسی تعریضیں بلکہ اس سے بڑھ کر ہم بھی بہت سے مجتہدین حال و ماضی کی نسبت عرض کر سکتے تھے لیکن ہم بجز سکوت و صبر کے اس کا کچھ جواب نہیں دیتے۔ اس کے بعد جو شہادتیں کہ نص کے ثبوت کی بابت حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ سے نقل فرمائی ان کی کیفیت بھی ملاحظہ ہو

اقول: آپ بنظر غور و انصاف ملاحظہ فرمایئے کہ جو تحریریں ہم نص کے باب میں کرتے ہیں بعینہٖ وہی حضرت شاہ صاحب ازالۃ الخفاء میں رقم فرماتے ہیں مقصد اول فصل دوم لوازم خلافت خاصہ کے نکتہ سوم میں جو صفحہ ۱۱ میں واقع ہے یہ عبارت تحریر ہے۔ نکتہ سوم آنکہ خلافت امیر شیطیر است و نفوس بنی آدم مجبول بر اتباع ہوا و شیطان در بنی آدم جاری مجری آلام چوں خلافت برائے شخصی مستقر شود احتمال دارد کہ جور پیش گیرد و در مقاصد خلافت تعاون صریح بعمل کردہ و ضرر این خلیفہ در امت مرحومہ اشد باشد از ضرر ترک استخلاف وی و این احتمال کثیر الوقوع است لہٰذا بود شائان ہمہ ارباب حل و عقد درین مسلک مرفوع شدہ اند و میشود و قتیکہ این احتمال برانداختہ نشود بوجہ دالی یا بوجہ صافی کہ نزدیک حصول آنہا جور و تعاون ممنع عادی گردد، وحسن قوی بعدل و قیام خلیفہ بامر ملت بظہور رسد استخلاف چنین شخصی غیر محض نباشد و نفوس بنی آدم باقامت او اطمینان پیدا نکنند و کیکہ مرشد خلق گردد و در نفوس ایشان در ظاہر و باطن محل کرد علم و حال خود غلبہ کردہ باشد و دیگران بعض قرائن متمسک شدہ بمکان فطرۃ رواج دادہ باشند و ما احسن ما قیل، بیت

ای روبا بلیس آدم روی ہست پس بہر دستے نشاید داد دست

تا اعتماد بر علم و حال شخصی بحدیث مستفیض صادق و مصدوق و اشارات او حاصل نشود کار تمام است پس خلافت کاملہ جامعہ نزد صاحب آن داشتہ ہاشم بنص شارع و اشارات او انتہی بقدر الحاجۃ۔ اس عبارت کو تامل و انصاف سے ملاحظہ کیجئے جیسے کہ اس سے نص کا وجوب ثابت ہوتا ہے ویسے ہی عصمت خلیفہ بھی ثابت ہے بباعث خوف طوالت ہم اس کے الفاظ پر بسط و نشاط سے بحث نہیں کرتے اسی قدر اشارہ کافی سمجھتے ہیں۔

اشتراط نص کی تیسری دلیل کا ابطال

اقول: اس دلیل کو بھی مدعا سے کچھ ربط نہیں ہے۔ اور یہاں بھی اپنا مدعا بطور جواب نص کے عبارت منقولہ ازالۃ الخفاء سے مفہوم و مستنبط ہوتی ہے اگر وہی نص مستقد علیہ جناب مجیب اور ان کے ہم مذہبوں کی ہے تو مرحبا بالوفاق لیکن یہ نص وہی نص ہے جو آیت سورہ نور وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ اور حدیث ان قوما و اباباکر اور اس کے امثال سے ثابت ہوتی ہے اور نیز یہ وہی وعدہ خداوندی ہے جس نے احتمال اتباع ہوا کا استیصال کر دیا اور وقوع جور و تعاون کو ممتنع عادی بنا دیا اور یہ نص و اشارات متعددہ اشخاص سے صرف استحقاق خلافت مستخرج ہوتا ہے نہ انعقاد اور یہ نص و اشارات متعددہ اشخاص کے واسطے بھی ایک وقت میں بلا تعیین تقدم و تاخر ممتنع نہیں ہیں پس اگر آپ اس کے قائل ہوں تو لیجئے ہماری آپ کی کچھ نزاع نہیں اور اگر نص مستقد علیہ سامی جس کے اثبات کا دعویٰ کیا گیا ہے یہ نہیں ہے بلکہ وہ نص جلی ہے کہ جو طلاقوم ائمہ اثنا عشر کے واسطے دعویٰ کرتے چلے آئے ہیں تو اس کے اشتراط کو اس دلیل سے یا کسی دلیل سے ثابت فرمایئے۔ میں اس استدلال پر ہمہ تن حیرت ہوں کہ مجیب لبیب نے اپنے آپ کو کم از کم فارسی خوان تو ضرور ہی تسلیم کیا تھا لیکن اس استدلال سے تو اس دعویٰ کے بھی ثبوت میں تردد قوی ہے کیونکر اگر فارسی خوان ہوتے تو کیا اس عبارت کا بھی مطلب نہیں سمجھ سکتے تھے کہ جس کا سہل المأخذ ہونا مثل روز روشن ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے سامنے کسی نے یہ عبارت پڑھ کر سنا دی ہوگی آپ نے لفظ نص کا سن کر گمان دانشمندی سے سمجھ لیا کہ بس ثبوت نص میں حجت قاطعہ مل گئی اور خصم کے سامنے پیش بھی کر دیا۔ افسوس کہ آپ نے بسط و نشاط سے اس عبارت کے

الفاظ پر بحث نہیں فرمائی۔ پھر جب کہ آپ اس عبارت سے نص کو جو اسکا موضوع لہ تھا ثابت نہیں کر سکے تو عصمت کو تو کیا ثابت کریں گے

قولہ: اور نیز مقصد اول کی فصل ہفتم کے مقصد دوم مقدمہ نخستین صفحہ ۲۶۸ مطبوعہ مطبع مذکورہ میں یہ فرماتے ہیں دلیل اول استشہاد احادیث کثیر در باب نقل روایت میکنند دلالت ظاہرہ دارد بر انکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اکثر وقائع آئیہ تقریر فرمودہ است و بر ادا لفظی ادا کردہ کہ رضائے خدا تعالیٰ یا سخط بآن از ان معلوم شود چون این مقدمہ را بشناسیم بحد س قوی یقین می نمائیم کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خلیفہ اول و ثانی و ثالث کہ بر نزدیک بو دند در اختلاف قود در استخلاف ایشان فتنہ برپا شد و کارہائے عظیم مثل فتح فارس و روم برہم میخورد البتہ تبیین فرمودہ اند عاقل نتواند تجویز کرد کہ اہم مہمات را گذارند و در میان امور جزئیہ اہتمام نمایند سبحانک ھذا بہتان عظیم انتہی بقدر الحاجۃ۔ یہ دلیل بعینہ وہی تقریر ہے کہ اہل حق خلیفہ کے منصوص ہونے میں بیان کرتے ہیں اور حضرت شاہ صاحب نے اصل اس دلیل کی ہماری ہی تقریر سے اخذ کر کے بعض الفاظ اپنے اپنے حرف سے زائد کئے ہیں اور بجائے مطلق خلیفہ و امام کے خلفاء ثلثہ کا بالخصوص ذکر کیا ہے۔ اور ماحصل یہ ہے جو ہم کہتے ہیں کہ جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی امت پر بڑی شفقت و عطوفت رکھتے تھے کہ احکام جزئیہ و مسائل فروعیہ نہایت تشریح و تفصیل سے بیان فرمائی حتی کہ آپس کی مصاحبت و معاشرت سے متعلق امور تک کے آداب پر واقف فرمایا۔ کوئی مسلمان کب تجویز کر سکتا ہے کہ آنحضرت باین ہمہ شفقت و رافت ایسی اہم مہمات کو کہ امت کے جمیع مصالح دینی و دنیوی اس سے وابستہ ہیں مہمل چھوڑ دیں اور اس پر نص نہ فرما دیں اور امت کو معاذ اللہ عمداً اختلاف و تنازع و تشاجر میں ڈال دیں۔

اشتراط نص کی چوتھی دلیل کا ابطال

اقول: ہمارے علامہ مجیب نے جو اس جگہ عبارت ازالہ سے نقل کی وہ بالکل بے سود ہے کیونکہ ثبوت مدعا مجیب سے اس کو کچھ تعلق نہیں بالخصوص حضرت صاحب ازالۃ الخفاء مبدل۔ اس بحث میں تصریح فرما چکے ہیں و پیش از تصریح در تقریر آن نکتہ ایست مہم کہ ترتیب و تالیف و تقریب آن مسائل بہ معرفت او موقوف است و آن نکتہ ایست کہ مراد از

تخطیهون اخطئ هن منصب الخلافۃ فاما ان لا یکون الکلام من کلامہ علیہ السلام او ان یکون اجماعا خطا" (اردو ہوتا ہے) اور علامہ بحرانی نے خود جواب شیعہ سے نقل کئے ہیں وہ جواب بداہتہ معلوم ہوتا ہے کہ ہرگز صلاحیت رفع اعتراض کی نہیں رکھتے چنانچہ حضرت صاحب تحفہ رحمۃ اللہ علیہ نے وزن سے اس امر کو ثابت کر دیا ہے تو اب فرمائیے کہ ہر دو امور مندرجہ عنوان میں سے کسی کو اختیار فرمائیے گا کیا آپ کا اجماع خطا پر ہے یا یہ کلام جناب امیرؑ کا کلام نہیں ہے اور شریف رضی نے من تلقاء النفس گھڑ بڑھا دیا یعنی یہ تو واضح ہے کہ شریف رضی تو زیادہ سے زیادہ ایسے کلام کو جو صریح مدح شیخین پر دلالت کرے اپنے خلاف مذہب کیوں پڑھتا ایسا احتمال معرا ہے اور ممکن ہے تو ہو سکتا ہے اور ممکن مذہب میں یہ امر بالکل مفقود ہے نادانستگی کا عذر بھی مسموع علی الخصوص حاشیہ پر بخط ارضی لکھا ہوا مل گیا کہ لفظ فلان کے بیچ سے لکھا تھا تو شریف رضی کے بڑھانے اور اس کلام کے جناب امیرؑ کے کلام نہ ہونے کا تو احتمال باطل ہوا تو ثابت و متعین ہوا کہ آپ کا اجماع خطا پر واقع ہے وہو المطلوب اگرچہ اس گفتگو سے آپ کے معارضات بھی باطل ہو گئے تھے لیکن ازراہ توضیح سے شیخ کے قول معارضہ جناب نے حضرت صاحب تحفہ قدس سرہ العزیز کی نسبت اپنے ازالہ کی تصنیف نہ دیکھنے کے بارہ میں فرمایا اور فرمایا کہ کسی جگہ اس تحریر میں یہ ثابت کر چکے ہیں پس اس کا جواب تو یہ ہے کہ یہ محض جناب کی خوش فہمی ہے کہ آپ نے اپنی عادت کے موافق عبارت زیادہ الخطاء کے مطلب سمجھنے میں فہمی کی تھی چنانچہ جس جگہ اس تحریر میں آپ نے یہ دعوے فرمایا ہے وہیں ہو بھی بجز اس کو ثابت کرتے ہیں عاجت عادہ نہیں ہے۔ دوسرا معارضہ آپ نے حدیث خلیفۃ عادل رضی اللہ عنہ کی نسبت کیا تھا کہ مضمون موقوف تحفہ قدس سرہ العزیز کے بارہ میں ہے کہ اس کا جواب یہ ہے کہ قول سبحان اللہ کے نزدیک محل اعتراض نہیں ہوا بلکہ بحسب تسلیم شیعہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی جائز اعتراض ہے خود جناب میر شیعہ میں سے بعض یا فتر ہوئے کہ صحیح ہوتے ہوئے کہ اور میں کی تلقین سے متشیع ہوئے اور نہ اگر تشکیک کی گنجائش ہے تو اصل تسلیم کی ہوئی ہے پس جب تسلیم مانع ہوئے تو تشکیک خلافت نہیں کر سکتا ہے معلوم ہوا کہ تسلیم اصل حدیث عادل رضی اللہ عنہ کا سبحان اللہ پر بھی ہوا تو اس حدیث صحیح کا اثبات صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہوا تھا مگر آپ کے مفتی صاحب پر یہ مصیبت [illegible]

بے فطنت طاری ہوئی اور نسیان پیش آیا اگر حضرت علامہ دہلوی قدس سرہ العزیز کے عمر اضافات کا صدمہ و مصیبت ہے اور انکار و اعضال ہوتا اس کا باعث ہے تو ہر بھی آپ کے مفتی صاحب کو معذور سمجھتے ہیں علاوہ ازیں اس موقع میں کہ جو جناب مفتی صاحب کو پیش آیا اور دوسرے مواقع میں کہ جس جگہ کتب کا نہ دیکھنا یا مضامین کا یاد نہ رہنا کچھ عیب یا نقص کا باعث نہیں سمجھا جاتا جیسے وہ یہ کہ جس جگہ کتب کا نہ دیکھنا یا وقت تحریر مضامین کا یاد نہ رہنا معیوب نہیں سمجھا جاتا وہ موقع ہے کہ جہاں نہایتا تعلق بھید ہو کہ اس سے ان مضامین کی طرف انسباق ذہن کا گمر ہو اور انتقال فکر کا ادھر سے ادھر اور ہوا ایسے موقع میں اگر وقت تحریر مضامین یاد نہ رہے یا کتاب کو نہ دیکھے تو معذور سمجھا جا سکتا ہے اور یہ موقع جو آپ کے مفتی صاحب کو پیش آیا کہ مصنف نے اپنے ثبوت دعوے میں ایک کتاب کے خاص موقع کو مستند تحریر دیا اور اس کتاب کے متعدد مضامین متعلقہ کو اپنے دعوے کی تائید میں بیان کیا اگر کوئی شخص اس حسن ترتیب جو میں ہوئی اس کے کوشش نہ دیکھے اور ان کی طرف مراجعت کرے اور مصنف کے دعوے کا صدق یا کذب کتاب سے مقابلہ کر کے معلوم کرے صاف انکار کر دے اور کہے کہ کسی کتاب میں اس کا نام و نشان نہیں اور یہ دعوے محض کذب و دروغ ہے۔ حالانکہ خود یہ انکار و تکذیب محض کذب و دروغ ہو تو ہر گز وہ معذور نہ سمجھا جائے گا اور سمجھی ملامت سے نہ بچے گا پھر اگر کوئی اس کے اتباع میں سے اس کی حمایت کرے اور عذر کرے کہ آپ سے کتاب نہیں دیکھی تھی اور آپ کو یاد نہیں رہا تھا تو کسی عاقل کے نزدیک قابل سماعت نہ ہوگا کہ یہ مصداق مثل مشہور عذر گناہ بدتر از گناہ کا سمجھا جائے گا پس اس موقع میں بوجہ غایت اتصال و قرب تعلق نہایتہ اس پر وجب تھا کہ مضمون کی طرف مراجعت کرتے اور اس دعوے کے صدق و کذب کو کتاب سے مقابلہ کر کے دیکھتے تو کس سے ترک واجب کیا اور اپنے مذہب کی حمایت میں بے پھر ہو کر کذب و خیانت کا ہوا تو یہ موقع میں جس قدر ملامت کی جائے بجا ہے اور جس قدر گرفت کی جائے روا پس بھروسے فاضل کی بجائے اپنے مفتی صاحب کے فرمانے کہ اگر مخلوں سے کتاب دیکھی ہوئی مضامین یاد رہتے ہوں تو یہ عیب و نقص کی بات ہے۔ ہم اس کو نہیں مانتے ہیں کہ یہ ہرگز عیب اور نقص اور خیانت و کذب اور مانع تصنیف کے باطل محض ہے اور تحریف کے ثبوت ہونے کا جو آپ شاہد فرماتے ہیں سو یہ وہ فضیحت ہے جو بجائے ساتر عیب کے اور پیش کئے اور اس کی نسبت ہو کہ دانش حضرت کو سمجھیں

قال الفاضل المجیب بقولہ: یہ ایک بحث کا حال ہے جس سے علماء شیعہ کا پایۂ علم اور تدین بخوبی معلوم ہو سکتا ہے علاوہ اس بحث کی غلطیوں کا استیفا نہیں کیا گیا، اقول: فی یہ ایک بحث کا حال ہے جس سے علماء سنیہ کا پایۂ علم و دیانت و دقت و فراست و تعقل و کیاست بخوبی معلوم ہو سکتا ہے علاوہ اس بحث کی غلطیوں کا بھی استیفا نہیں کیا گیا۔

مجیب کے اس اعتراض کا جواب کہ علماء اہل سنت اللہ بلاد فلاں کو غلطی سے قسم کہتے ہیں

یقول العبد الفقیر الی مولاہ القدیر: جل اللہ تعالیٰ و تقدس! ان علماء اہل سنت کا پایۂ علم و دیانت و دقت و فراست ایسا ظاہر و باہر ہے کہ اگر کوئی منصف نہ مانے یہ بھی جماعت صادق بیدا اللہ علی بصائرہ و غضب اللہ علی من خالفہا کے ہے، ان علماء شیعہ کا پایۂ علم و دیانت و دقت و فراست تو ان کی تالیفات سے ظاہر کرنے کا ہر مذہب ان کے نزدیک ہمیشہ تبرے کے پردے میں مختفی ہے اور مذہب کو ان صادق القول ہیں بتا رکھا، سو بحمد اللہ فریقین نے علم و دیانت و دقت و فراست کی حالت اسی بحث سے بخوبی معلوم ہو سکتی ہے جس پر منصف کا چشم چشم بصیرت پر گلہ کرنا بیکار جاوے۔

اقول: اگر کسی نے اس بحث سے مفصل جو ہم نے بیان ہوا ہے کہ علاوہ تحریف و قطع بیان کرنے و ظہر کے علم و افضل کا مرتبہ بھی ہر جگہ کماں حقہ ثابت کیا ہے بیان تک کہ بعونہ تعالیٰ کذب و دروغ ان استاذ کو معلوم ہو گیا ہے بھی کمال بصارت ہو چکی ہے، بصیاً رمد بلاد فلاں کو مدار دروغ و قسم دروغ والے ہیں علاوہ شرکت کتب تحریر و تالیف میں تصریح ہے کہ رمد در دولت ابود و رمد بلاد شمس دار کے کلمات تعجب سے ہے قسم سے اس کو کیا علاقہ، در جواب تمام و کمال دستہ یہ کی حاصل سمجھتے ہیں نیا تعجب ہے علم و فضل پناہی صاحب نواب محمد امین اور دی صاحب عالم المتکلمین کا خطاب اپنے ہی تحریر سے پا چکے ہیں ہر شی عجاب۔

اقول: ان انصاف مرے خاندان میں بحث کو جو چار سال خاص صاحب نے بعد از واقعی تحریر فرمائی ہے سنیں، و حضرات علماء شیعہ کا مرتبہ علم و فضل و حفظ و دیانت دیکھ لیں کہ کیا ہی جو باتیں کہ ان حضرات کو معلوم ہوں ہی نہیں، ان میں غلطیاں نہ ہوتے ہیں، ان سے بھی واقف نہیں ہیں ہی غلط کہ ان کی طرف منسوب ہوئیں، ان کی غلطیوں کو بیان کرنا ہے ہی ان کی طرف منسوب ہوئیں، ان کی غلطیوں کو بیان کرنا ہے

اپنے علماء سے نقل فرماتے ہوں گے کیونکہ آپ تو فرما چکے ہیں کہ میں محض فارسی خواں ہوں، آپ کو کتب عربیہ و لغویہ سے اور تحقیق اللہ بلاد وغیرہ سے کیا تعلق اور نیز اس قول کے شروع عبارت میں بھی اس طرف ایما ہے کہ لکھتے ہیں اس بحث کے جواب میں مفصل بیان ہوا ہے تو ہم کو یہ کہنا چاہیے کہ فاضل مجیب نقلاً اپنے علماء سے اعتراض نقل کرتے ہیں کہ علماء اہلسنت نے اللہ بلاد فلاں کو ہر دو قسم دروغ فرمایا ہے حالانکہ یہ کلمہ تعجب کا ہے، اب اس کا جواب سنیے کہ یہ آپ کے علماء کو محض کذب و افترا اور بہتان ہے ہرگز علماء اہلسنت نے اللہ بلاد فلاں کو جو حسب تصریح فاضل مجیز فی کو یمن کا ہے قسم نہیں فرمایا ہے صواعق اور نزلۃ المغیبین میری نظر سے بھی گذری ہیں اور غالباً تحفہ کی نسبت یہ اعتراض ہوگا اس کے میں عبارت ان کتابوں کی نقل کر کے اپنے فاضل کرام سے علماء مجتہدین کے تجرد و تقدس کی قسم دے کر پوچھتا ہوں فرمائیں تو سہی کہ یہ عبارتیں کہاں لکھا ہے کہ اللہ بلاد فلاں کو قسم ہے خواہ نخواہ اللہ رحمۃ اللہ علیہ سو واقع میں یہ خطبہ نقل کرنے کے بعد اول جواب وکان ھذا علی وجہ الاستصلاح من غیر قصد الحلف کہ شیخین کے حق میں فرماتے ہیں فان ثبت بذلک المصوم انہ کذب عاشر کذبات صرح بھا کما فی حدیث عشر خلفات کاذبۃ من غیر ان یجد ضرورۃ دینیۃ فان مستقصد حرمہ و مستجوب تلویمہ تحصل لعدیل کذب واحد من ذلک الکذب الذی ارتکبہ دون مرۃ کما فی رفع الغشاوۃ فی حلف من کان معذورا بشیء حلف علیہ حلفہ علی ما ھو الاصح من القولین و ما حلف عشر خلفات کاذبۃ الی ان قال فان المؤمن المجتنب عن الکذب یعمہ الکذب و مرتکب الحلف الکاذب لا یخلو عن الکذب الکاذب الایمان الکاذب قد حضرت علامہ زادی قدس سرہ العزیز تحریر ان تحریرات کے ضمن میں فرماتے ہیں کہ ہر حال مصنف پر شیعہ حرمت کرہ اور دروغ مؤکد بقسم ثابت بجناب معصومی نمودن کہ بنا بر قول مشہور دنیا لیتے اور ندری چنانکہ ان بار ہا فرمودہ اند کہ رمد در دولت ابود و رمد بلاد شمس دار کہ بسیار مبالغات و بیان غلو شدہ بود، پس یہ عبارتیں ہیں اس میں کہاں لکھا ہے کہ اللہ بلاد فلاں کو قسم ہے حضرت علامہ زادی یہ عبارتیں

حرف قسم کا عبارت میں موجود ہے جس کے معنے قسم کے خواجہ نصر اللہ اور علامہ دہلوی نے لکھے پس
اس کا جواب یہ ہے کہ تحکم کے چھوٹے چھوٹے رسالوں میں لکھا ہے کہ قسم مقدر مثل ملفوظ کی ہوتی ہے
چنانچہ غالباً کا قیاس اس جواب میں ہے واللہ یا اقسم کا لفظ پس اول لفظ ہوا فلان کلمہ من کا ہے
بعد اس کے لفظ لفظ قسم مقدر پیدا ہے اور اس کا جواب واقع ہے معنی المبیب میں لکھا ہے
وقال علی در المختصر فی نحو واللہ لقد ملتقون ہیں ۔ عندہ و منکم قبل فی الجملۃ
الخبریۃ الواقعۃ جوابا لقسم وہا لقسم مثل ان و ما و قول ۔ الخ ۔ ہے صیغۃ اجاب بیضاوی
وغیرہ نے کہا ہے ۔ دوسرے محکم دوم آیۃ کے بیان میں لکھا ہے و بہذا سقط اعتراض المقرون
بقد بعد القسم و اللام ۔ قبل لقد کان فی ہوئے و حذف
بیت و مشہور ہے ۔ اور اشعر میضاوی میں لکھا ہے ۔ لقد علمتم ان عندہ
منکم فی الحبس ۔ و ما فائدۃ للقسم میں پڑھتی جب غیر مقدر ہے ای لیعلم ان عندہ
منکم الخ ۔ اور قدیت ۔ الخ ۔ تو ان عبارت سے معلوم ہوا کہ یہاں قسم مقدر ہے اور
قسم پر جواب اس کے جو ہے ہے بلکہ ان قسم مقدر کا جواب ہے اور اس جواب کے متعلق میرے صاحب
آپ نے لکھا ہے محمد پر یہ قسم میں رسے پہلے حرف النفی کی آپ ہی دیں اسناد سے دی پھر
اس پر آپ کا اس کو ذکر کرنے کے ساتھ جاء سے مقابلہ میں لکھنا اور بیان کرنا ایک چھوٹی سی بحث
ہے جس سے یا علماء فضلاء عالم شیعہ و علماء اہل سنت کو ہمیں معلوم ہو سکتا ہے اور یہ بھی معلوم
ہو سکتا ہے ۔ علماء اہلسنت مناسب خاموش ہیں اور علماء شیعہ نے لکھا ہے یا علماء شیعہ
میں کوئی ایسا جھوٹے مسائل کو بھی کمال جرأت سے مناسب سمجھتا ہے اور علماء اہلسنت و اصول کے
لحاظ میں ۔ اس پر کہ آپ کا اس قسم پر کہ اس نے ہمارے ساتھ جہاد نہیں کیا اس کے کوئی تعلق میں ملتے
واقعات ہو وہ بھی اس کو کچھ علاقہ ہے اور مرزا فضل مجیب شریف ۔ اس پر مطلع ہو جائیں گے تو خود
اس پر ہنسنے لگ جائیں گے

قول ۔ خاتمہ فضل مجیب ۔ قول ۔ اس یاد سے تو جو ات تحفہ کی تعلیمیں سے ہیں پس
یہ مناسب ہے ۔ تحفہ زیادہ ۔ تحفہ کے قول سے ۔ ان سے ۔ ذات تحفہ ہیں مناسب
خاموش ۔ قول ۔ الخ ۔ سے ۔ ذات تحفہ کے قول سے ۔ ذات ان کو ۔ ذات ان کو ۔ ذات
اسناد سے ۔ ذات ۔ آپ کا شیعی کی اسناد ۔ ذات ۔ ذات تحفہ سے ذات
ذات قول ۔ سے ۔ ذات اسناد ۔ قول ۔ سے خاص ہیں ۔ ذات تحفہ ذات ملتے ہو

بقول العبد الفقیر الی مولاہ حنفی ۔ ایسے غلط بات کو جواب کے جواب میں کچھ اس کے کہ کچھ
سکوت کریں یا ہم بھی جھوٹ بولیں کہ آپ پڑھ سکتے ہیں اور کچھ جواب نہیں دے سکتے

قول ۔ اگر آپ کا یہ فرمانا صحیح ہوا تو آپ تک کوئی صاحب تو آپ سے ہمیں میں سے دو میرا
ہوا اور ان کا جواب لکھتا ۔

اقول ۔ صاحب وہ اس قابل ہی نہیں کہ ہم ان کے جواب کی طرف متوجہ ہوں تو ہمارا فعل
اسکے ۔ جواب ہوا بالفرض مذہب شیعہ پر تھا بنائے خود فی الواقع ہر کوئی کے جواب لکھنے کے فرمائیں
تشفی ۔ اوقات کی کچھ ضرورت نہیں سے علاوہ اس نے ہماری بھی بہت تائید ہے ان کا علماء شیعہ
نے جواب نہیں لکھا تو ہم بھی کہہ سکتے ہیں کہ ان میں طاقت ہوتی تو آپ سے سوالوں میں سے قول تو
مرزا صاحب ہوتا اور ان کا جواب لکھتا ۔

قول ۔ آپ کے خاکسار مستدلین کی بے بضاعت نا ہونی فرمانا ہمیں ہاں ہمیں اپنا کو
اپنی سمجھ کے موافق قوت مقرر آثار سے ہوئے انکشت معلوم ہوتی اس کو ہم کرکے بہت کچھ
شکر و ظن چاہئے فرمانا فضل و انصاف جانتے ہیں کہ فضول تکلیف ہی بحث سے جس کو آپ سے
بڑے زور و قوت سے شروع کیا تھا معلوم ہو گیا ۔

اقول ۔ ہمارے خاکسار مستدلین رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تصانیف میں جو استدلال آپ کی
بعض تحریرات کے جواب میں فرمائے تھے اور استدلال حسب محل و موقع ہوا تھا انہیں علمی
بحثوں علمی کتابوں میں سے جس سے صاف و واضح ہے کہ یہ جوابات قابل سکوت علیہ معلوم کرتے ہیں
ہیں چہ جائیکہ علماء شیعہ ہی جواب ہوں چنانچہ پہلے آپ انصاف جانتے ہیں ۔ دیکھتے ہیں ان کا
سے جواب بھی کہ ہم کچھ بحثوں کا ہے

قول ۔ آپ ہی انصاف فرمائیں کہ جواب آپ نے نقل کے جو ہوا ہے ہمیں فرمائے
تو آپ کیا کہ ان سے استدلال و عدم استدلال کی بات چیت کر سکتے ہیں ۔

اقول ۔ یہ آپ کا خیال فرمانا کل علماء سے جس کی کچھ اصل نہیں

قول ۔ جانتے ہیں کہ کسے وہ سے جانتے ہیں کہ ان علماء کے قول سے

اقول ۔ سے خاص اس پر ہوا ہے ۔

قال ۔ فاضل مجیب ۔ قول ۔ شیعوں کی بعض فرعی کتابیں لکھ دیں ۔ جناب مخاطب کی تحریر سے
تو ان کا ہونا جس کی قلم معلوم نہیں ہوتا ہے ۔ جناب کی تحریر سے تو ان کا ہونا مشکوک ہوتا ہے ۔ ان

کی واقفیت ہو۔ اقول۔ اس آپ کی تشخیص پر ہم بھی صاد کرتے ہیں میں اپنی کم علمی بیچارگی شروع ہی میں عرض کر چکا ہوں۔

تقاضائے احتیاط

۔ یقول العبد الفقیر الی مولاہ الغنی ۔ چونکہ اس جگہ فاضل مجیب نے جو ہمارے جواب کی عبارت نقل کی ہے اس میں غلط واقع ہوتا ہے مبادا ناظرین اقوال کو تعیین اقوال میں تردد و اشتباہ واقع ہو اس لئے بنظر احتیاط عرض کرتے ہیں کہ اس جگہ جو لفظ قول ہمارے فاضل مجیب کے کلام میں واقع ہے یہ قول ہماری تحریر میں کا ہے اور ضمیر اس کی راجع بطرف فاضل مخاطب ہے اور بعد اس کے عبارت شیعوں کی بعض فرضی کتابیں گھڑ لیں ۔ اصل سوال فاضل مخاطب کا جملہ ہے جس کا جواب ہم نے لکھا ہے اور لکھا ہے جناب مخاطب کی تحریر سے اب پس ناظرین یہ خیال فرمالیں کہ قول کے قائل فاضل مجیب ہیں اور ضمیر ہماری طرف راجع ہے اور عبارت شیعوں کی بعض فرضی اب ہماری عبارت سے جیسا کہ ظاہر سے مستفاد ہوتا ہے فلیتنبہ ۔ سابق میں ہمارے فاضل مخاطب نے ہمارے قول کو اپنے قول کے ساتھ ملا کر تکرار قول قول کر کے لکھا تھا معلوم ہوتا ہے کہ شاید ایک لفظ قول سہواً کاتب سے ترک ہو گیا ہو گا بنا علیہ اگر یہ مسئلہ مستبع سمجھ کر چھوڑ دیا ہو گا تعجب ہے کہ باین ہمہ پیچ مالی اگر یہ کسر نفس کے طور پر نہیں ہے تو آپ نے اصول و فروع میں بلا تقلید مرتبہ حق الیقین کا کیونکر پیدا کر لیا معلوم ہوتا ہے کہ اصل ادعائے ہمہ دانی ہے اور یہ محض تواضع

قول۔ لیکن اگر گستاخی معاف ہو تو بصد ادب اس قدر گذارش ہے کہ بندہ تو تمام کتب یا تمام کتب مشہورہ پر عبور نہیں رکھتا اور واقف نہیں مگر جناب باین ہمہ ادعائے علم و فضل اصل مسئلہ متنازعہ فیہ سے ہی آگاہ نہیں چنانچہ امامت کو مسائل فروعیہ سے بیان کرنے میں ازالۃ الخفین کے حوالہ کی ضرورت ہوئی۔ اس مسئلہ کو آپ کی کتب احادیث وغیرہ حتی کہ کتب عقائد میں اہم المہمات لکھا ہے مگر آپ اس کو اہم المہمات نہیں جانتے یہ محض کتب کلامیہ و عقائد و احادیث وغیرہ پر عبور نہ ہونے کا ہی سبب معلوم ہوتا ہے ورنہ شاید اجتہاد کا ادعا ہی تو آپ کو بھی نہ ہو۔

اقول۔ حضرت نے دریافت فرمایا تھا کہ مسئلہ امامت اہل سنت کے نزدیک اصول دین سے ہے یا فروع سے بندہ نے بجواب اس کے عرض کیا کہ اہل السنت کے نزدیک مسئلہ امامت فروع دین سے ہے اور اس کے ثبوت میں حوالہ خاتم المتکلمین کی عبارت کا جو اس وقت سامنے

موجود تھی لکھنا کافی سمجھا پس اس پر جناب کا فرمانا کہ اصل مسئلہ متنازعہ فیہا سے آگاہی نہیں آپ ہی انصاف سے فرمادیں کہ کیونکر صحیح ہو سکتا ہے اگر آپ کسی مسئلہ میں اس کے ثبوت کے وقت حوالہ اپنے مجتہد العصر یا مفتی کشتواری صاحب کا دیں اور مسئلہ بھی صحیح فرمادیں تو کوئی دعوے کر سکتا ہے کہ آپ اس مسئلہ سے آگاہ نہیں حاشا و کلا۔ اور بالفرض اگر میں شرح عقائد کا حوالہ دیتا تو بھی آپ یہ ہی اعتراض فرما سکتے تھے جب تک کہ تمام کتب عقائد و احادیث وغیرہ کی ذکر نہ کی جائے حالانکہ کوئی شخص تمام حوالوں کو جمع نہیں کرتا۔ ظاہر ہے کہ حوالہ سے مقصود یہ ہوتا ہے کہ مسئلہ کی صحت کی نسبت طمانیت ہو جاوے اور یہ بحمد اللہ نقل قول کسی معتبر عالم کے حاصل ہو سکتا ہے علی الخصوص جب کہ مسئلہ بھی مسائل فروعی میں سے ہو اور یہ امر حضرت خاتم المتکلمین کی طرف حوالہ سے بخوبی حاصل ہے پس اس کی نسبت جناب کا عدم آگاہی فرمانا عدم آگاہی قانون انصاف سے ہے۔ اگرچہ یہ بات مسلم اور صحیح ہے کہ بندہ کو تمام کتب کلامیہ و احادیث وغیرہ پر عبور نہیں ہے اور نہ بندہ کو دعوے اجتہاد ہے مگر تعجب یہ ہے کہ آپ کے جناب مفتی صاحب نے خلاف واقع دعوے فرمایا کہ شرح نہج البلاغت میں کہیں یہ توجیہات مذکور نہیں اور جناب نے اس کی نسبت صدر فرمایا کہ کیا ضرور ہے کہ ہر عالم کی کتاب اور اس کی تحقیق ہمیشہ مدنظر رہے۔ ہر ایک کتاب کا نہ دیکھا یا ہر وقت تحریر اس کے مضامین کا یاد نہ رہنا کچھ بڑی بات نہیں اور کچھ عیب و نقص کی بات نہیں کہ اگر ایک کتاب کو نہ دیکھا ہو یا اس کے مضامین یاد نہ رہے ہوں پس جب آپ کے نزدیک شرح نہج البلاغت کے نہ دیکھنے سے آپ کے مفتی صاحب کے تبحر میں کچھ فرق نہ آیا اور ان کے کذب کی طرف سے یہ غفار دفرمایا اور بسر و چشم قبول کر لیا تو ہم نے ایسا کیا تصور کیا تھا کہ باوجود یکہ مسئلہ صحیح عرض کیا اور حوالہ بھی صحیح دیا لیکن ناں تمام حوالوں کو جمع نہیں کیا اس کو ہماری کتب عقائد و احادیث وغیرہ پر عدم عبور کا سبب قرار دیا اور عدم آگاہی اور ناواقفیت سمجھا۔ آپ نے انصاف کے کس قاعدہ کے موافق یہ فیصلہ فرمایا آپ کے مفتی صاحب باوجود خطا کے بھی معذور ہی رہیں اور ہم بے خطا ناواقف و نادان سمجھے جائیں یہ صریح ہٹ دھرمی اور حق پوشی نہیں تو کیا ہے۔ انصاف تو اس کا مقتضی ہے کہ اگر ہم کو آپ صرف اس وجہ سے مطعون کرتے ہیں کہ ہر کو کتب احادیث و کلام وغیرہ پر عبور نہیں یا وقت تحریر مضامین یاد نہ رہے تو اپنے مفتی صاحب کو بھی اگر دو چند نہیں تو ہمارے برابر تو مستحق ملامت بتائیے۔ رہا اہم المہمات کا ذکر کرنا یہ دوسری فہمی ہے جو بہت جگہ اس تحریر میں آپ نے فاش فرمائی کہ ہم کیسے سمجھتے تھے۔ اور اس کا جواب مفصل سابقاً مذکور ہو چکا ہے۔

قال الفاضل المجیب: قولہ: اگر دعوے ہے اور اجازت ہو تو بندہ معیار امتحان سے اس امر کی بخوبی آزمائش کر سکتا ہے۔ اقول: بندہ کو ہرگز دعوے نہیں ہے میں کیا اور میرا دعوے کیا جاہل وظالم ونافض پیچ میرزد بحیدان اقل خلیقتہ بل لا شئی فی الحقیقتہ ہوں اور اس کے جواب میں بجز اس کے کہ جناب نے اپنی بلند حوصلگی وعالی ظرفی ظاہر فرمائی ہے کیا عرض کروں اگر غرور وتکبر معیوب وممنوع نہ ہوتا تو شاید بخیال اس کے کہ التکبر صفۃ اللہ یہ شعر عرض کیا جاتا۔ بیت

خوش بود گر محک تجربہ آید بمیان تا سیہ روئے شود ہر کہ در و غش باشد

یقول العبد الفقیر الی مولاہ الغنی: اگرچہ ہم نے بعض مضامین چھانٹ رکھے تھے کہ گذارش خدمت اقدس کریں گے لیکن جب جناب نے ترک دعوے میں اس قدر عجز وانکسار فرمایا گو کسی طور سے جواب انسانیت سے بعید معلوم ہوتا ہے کہ ہر کچھ اس عنوان ناس سے لکھیں اور فی الحقیقت یہ تمام تحریرات بی مکف امتحان ہیں اس سے سب پر کھ واضح ہو چکا ہے۔ رہا بندہ کی نسبت جو جناب نے بلند حوصلگی وعالی ظرفی ظاہر فرمائی اور تکبر سے احتراز تحریر فرمایا گویا اپنے ہی حال کا نقشہ کھینچا ہے کیونکہ بندہ تو محض سائل ہی ہے رہیں

قال الفاضل المجیب: قولہ: بعض کتب جعلی ازمنہ میں مشہور ہوتی ہیں اور وہی بعض ازمنہ میں مفقود ومستور۔ اقول: آپ نے یہ مضمون از ایضاح المکنون سے نقل تو کرایا مگر ذرا خواص طبع تو بحر تفکر میں غوطہ زن نہ فرمایا کہ بالفرض اگر یہ آپ کا قول تسلیم بھی کر لیا جاوے تو ظاہر وہ کتب کہ بعض ازمنہ میں مفقود ومستور وتداول نہ ہوں مگر ازمنہ علماء وکتب رجال میں نوظہر ومذکور ہوں گی ورنہ ان کی سند کیونکر جائز ہوگی۔ آپ کے خاتم المتکلمین جو از ایضاح المکنون میں فرماتے ہیں کہ محض نسبت کرنا باشد کہ کتاب در زمانہ شہرت می یابد وبعد زمانی شہرتش از صفحہ گیتی محو گردد وبالعکس بالعکس۔ اجی جو کہ یہ محض دعوے لسانی تھا اس کی مثال پر قادر نہ ہوئے اور دوسری صورت جو ہم نے بیان فرمائی اور جس کی مثال کتاب العین مسلمان کی اس سے شک یا ظن ہے مگر کتاب العین مسلمان موجود اور علماء کی زبان پر مذکور اس کے مصنف کا حال معلوم ہے اسی طرح اگر کوئی کتاب بمجاج اسانید ثابت ہوتی تو وہ بھی موجود اور علماء کی زبان پر مذکور ہوتی اس کے مصنف یا مولف کا حال معلوم ہوتا گو وہ تداول نہ ہوتے اور اگر ایسا نہ ہو تو ہر شخص کہہ دیتا کہ ہمارے پاس جو کتب ہیں وہ تصنیف یا تالیف ان نہ ہوئی ہو کہہ سکتا ہے کہ بعض کتب بعض ازمنہ میں مشہور ہوتی ہیں اور وہی بعض ازمنہ میں مفقود ومستور فرمایئے آپ اس

کا کیا جواب دیں گے رایتی کتاب کا حوالہ جو اس زمانہ میں مفقود ومستور ہو اور اس مذہب والوں کے رجال میں بھی کہیں اس کا ذکر نہ ہو نہ اس کے مصنف کا نام مفصل نہ اس کی تصنیف وتالیف کا زمانہ مشرح بمقابلہ غیر مسمی بیان کیا جاوے تو محض لغو ہوگا۔

مثال سے سمجھیں شاید کہ عقل آئے

یقول العبد الفقیر الی مولاہ الغنی: اگرچہ کتب غیر متداولہ ومفقودہ ومستورہ کی مثال طلب کرنا ایسا ہے جیسا کوئی غیر معلوم ومجہول کی مثال طلب کرے مگر ہم اپنے حضرت فاضل مجیب کو مثال ہی سے سمجھاتے ہیں۔ سنیئے کہ آپ کی بلکہ ولیقین کی کتب رجال وفہرست مصنفین وعلماء میں بعض علماء کثیر التصانیف کی نسبت تحریر ہے کہ عدہ مجلدات ان کی تصانیف میں چنانچہ ابن شہر اشوب نے معالم العلماء میں فضل بن شاذان کی نسبت لکھا ہے وی مائۃ ومصنفون مصنف اور نیز اسی ابن شہر اشوب نے عبد اللہ بن احمد بن ابی زید الانباری کے حال میں لکھا ہے وہ مائۃ وار بعون کتابا محمد بن مسعود عیاشی کی نسبت لکھا ہے کتاب ابن بابویہ علی ما فی مصنف محمد بن علی بن بابویہ القمی کے حال میں لکھا ہے لہ نحو من ثلثمائۃ مصنف علی ما اقتیس اور بہت سے علماء کی نسبت اسی طرح درج ہے لیکن اگر تتبع وتلاش کی جاوے تو بجز چند کتابوں کے جو نسبت کل کے بہت قلیل مقدار ہوں گی کسی کا کہیں پتہ ونشان نہیں ملے گا۔ ان کی نسبت بھی کہا جا سکتا ہے کہ اگر یہ کوئی کتابیں ہوتیں تو موجود اور علماء کی زبان پر مذکور ہوتیں اور ایسی بھی کتابیں ہیں کہ جن کے مصنفین کا حال کچھ معلوم نہیں چنانچہ معالم العلماء کے آخر میں آپ نے ملحقہ فرمایا ہوگا اور یہ بھی ہر ایک پر واضح ہے کہ جامع فہرست علماء کو اگر تو استیعاب و استیناء کتب مصنفہ بیان کرنا مقصود نہیں ہوتا بلکہ مہمات کتب ہی بقدر ضرورت درج کرا دیتے ہیں اور اگر استیعاب ہوتا بھی تو اپنے علم وواقفیت کے موافق ہے اور ظاہر ہے کہ کچھ ضرور نہیں کہ ان کا علم ہر ایک شخص کے تمام مصنفات کو حاوی وشامل ہو آپ نے معالم میں ملحقہ فرمایا ہوگا کہ ربما یوجد فی کتب واکاذیب الکتب لا تعد ولا تحصی آخر میں لکھا ہے فہذہ جملۃ ما وقفت علیہ من کتب غیر ہذہ الخصائص اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ ان کو استیعاب مقصود نہیں علاوہ ازیں چند کتب ورسائل جو آپ کے پاس بھی مذہب شیعہ کے مسئلہ علماء شیعہ موجود ہیں آپ ان کا جی تلاش کر لیجیں اور تتبع کر کے فرما دیں کہ وہ کس کس کی کتابیں ورسائل ہیں اوصاف واشراف

کتاب الاشراف، حجۃ الکاظم، نوادر الاثر، مختصر الصوابین اگر ہر ایک کتاب کے واسطے ضرور ہے کہ اس کا حال اور اس کے مصنف کا حال اور زمانہ تصنیف مفصل و مشرح معلوم ہوا کرے تو ان کا حال بھی اسی طرح تفصیل کے ساتھ معلوم ہوگا۔ رہا صحت استشہاد کی نسبت سو کچھ تحریر فرمایا ہے سو ماسخن فیہ میں ہماری سند کی صحت کا مدار کچھ منہاج السالکین ہی پر نہیں ہے بلکہ اور بھی بعض معتبر کتابوں سے ثابت ہے چنانچہ ہم آئندہ اس کو نقل کریں گے اسی واسطے حضرت علامہ دہلوی صاحب تحفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اقتصار منہاج السالکین ہی پر نہیں فرمایا ہے پس جب کہ یہ روایت دوسری معتبر کتابوں میں بھی موجود ہے تو اگر بالفرض منہاج السالکین مفقود (مستور) ہو اور اس سے استدلال صحیح نہ ہو تاہم ہمارے استدلال کی صحت میں بابت رضا جناب بتول رضی اللہ عنہا شیخین رضی اللہ عنہما کے ساتھ کچھ کلام نہیں ہو سکتی۔ غرض کتب کی نسبت آپ کا یہ دعوے فرمانا کہ جو کتاب تصنیف ہوتی ضرور ہے کہ اس کا اور اس کے مصنف کا حال اور زمانہ تصنیف معلوم ہو خلاف واقعہ ہے بہت سی ایسی کتابیں تصنیف ہوئیں جو بعد میں مفقود ہو گئیں اور بہت سی ایسی کتابیں ہیں کہ جن کے مصنفین کا کچھ حال معلوم نہیں، اکثر کتابیں جو گذشتہ قرون میں زیر درس تھیں اس وقت ان کا نام و نشان بھی نہیں، قاعدہ ہے جب ایک چیز کا تداول کم ہو جاتا ہے تو رفتہ رفتہ وہ شے بھی اول مثل معدوم کے ہوتی ہے اور پھر حقیقۃً معدوم ہو جاتی۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ اقلیدس کے بعض مقالوں کا کہیں پتہ و نشان نہیں مصنفات افلاطون و ارسطاطالیس وغیرہ کا اس وقت کہیں نام و نشان باقی ہے اچھا ان کو رہنے دو صحف ابراہیم علیہ السلام کا کہیں عالم میں وجود ہے توریت و انجیل و زبور اصل کہیں پائی جاتی ہیں، علی ہذا القیاس صدہا بلکہ ہزارہا ایسی کتابیں ہوں گی جو ایک زمانہ میں مشہور تھیں اور بعد اس کے مفقود ہو گئیں، اس جگہ غرض ان کے بیان سے صرف یہ ہے کہ یہ کچھ لازم نہیں کہ اگر ایک شئے کا وجود ایک زمانہ میں ہو تو بعد اس کے بھی اس کا وجود باقی رہے جیسا کہ ان کتب سماوی کا وجود خارجی مفقود ہو گیا ہے ممکن ہے کہ بعض کتب ایسی ہوں کہ انکا وجود خارجی اور علمی دونوں جاتے رہیں اور کوئی دلیل عقلی یا نقلی اس کے استمرار پر قائم نہیں ومن ادعی فعلیہ البیان، اور منہاج السالکین تو اس جنس سے نہیں کہ جس کا وجود مطلق نہ رہا ہو۔ آخر حضرت علامہ کابلی نے مواقع میں اس سے استشہاد کیا، حکیم مخدوم سلامت علی خان نے اس کے وجود کی شہادت دی اس کے وجود کی دلیل کافی ہے۔ رہا اس کو اہلسنت کا افتخار سمجھنا اور انکار کرنا اور یہ کہنا کہ اپنے نفع کے لئے گھڑی ہو گی اور چونکہ اس باب میں اہلسنت متہم ہیں اس لئے ان کی شہادت قابل

قبول نہیں سو اس کا جواب ہم عنقریب بیان کریں گے۔

قال الفاضل المجیب: اقول۔ پس یہ بھی اپنے قدمار کے بھروسہ پر معجبنوں نے برائے نام تحفہ کے جوابات لکھے ہیں لکھا گیا ہے۔ اقول۔ حضرت اسی طرح آپ نے بھی اپنے قدمار کے بھروسہ پر بلکہ بعینہ وہی مضمون نقل کر دیا ہے۔

یقول العبد الفقیر الی مولاہ الغنی: اس قول میں قید برائے نام تحریر جوابات کے وقت خواہ خاطر نہیں ہوئی مطلق قدمار سمجھ کر معارضہ فرمایا، پس یہ معارضہ ہم پر وارد نہیں ہو سکتا۔

قول: جناب من قدمار کے ہی بھروسہ پر معاملات دینی میں گفتگو ہوا کرتی ہے اپنی رائے کا دخل کم ہوتا ہے۔

اقول: چونکہ آپ نے اپنی عقل و فہم کے زمام کو اپنے قدمار کے اہوا کے سپرد کیا ہے اور اپنی عقل کو دخل نہیں دیتے اسی واسطے صراط مستقیم سے منحرف اور جماعت سے ایک طرف ہو گئے ہیں، ہم نے بحول اللہ و قوتہ اپنا امام کتاب اللہ کو قرار دے رکھا ہے اور احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر مدار کار ہے اس کے خلاف کسی کی نہیں مانتے جو اس کے موافق ہو وہ علی الرأس والعین سمجھتے ہیں اسی لئے حبل المتین اسلام کو محکم پکڑے ہوتے ہیں، حضرات کی کتاب اللہ جب امام غائب غار سے لے کر برآمد ہوں گے تب کشاید کچھ معمول بہا ہو ورنہ اب تک تو صرف بشاہین و زرارہ و بکیر و ابو بصیر وغیرہ کے رابطۂ تقلید زیب جید بلکہ اقرب من حبل الورید ہے۔

قول: مگر ہم میں اور آپ میں اس قدر فرق ہے کہ گو آپ کے قدمار بلا دلیل سے کوئی دعوے کیوں نہ کریں بدون سوچے سمجھے اپنی عقل و علم سے کام لے محض تقلیداً آپ تسلیم کر لیتے ہیں چنانچہ ازالۃ الظنین سے آپ نے یہ مضمون نقل کر دیا اور جو شامل آپ کے خاتم المتکلمین نے وہاں لکھی ہے اس کو اور کتب متنازعہ فیہ کو مطابق نہ کیا بدون تامل ان کا مضمون تسلیم کر لیا، آیات بینات سے جو عبارت متعلق آیت غار آپ نے نقل کی ذرا سوچا کہ یہ عبارت بھی دعوے کو ثابت کرتی ہے یا نہیں جو میر مہدی صاحب نے لکھا اس کو بسر و چشم قبول کر لیا اور یہ وثوق ہم پہنچایا کہ ہمارے مقابلہ میں بھی نقل کر دیا اور ہم اس قسم کی تقلید نہیں کرتے بلکہ اصول میں تقلید جائز ہی نہیں جانتے ہاں مدلل قول کو بے شک تسلیم کرتے ہیں گو اس کے تمام مقدمات من کل الوجوہ اپنی نظر سے نہ گذری ہوں۔

اقول: گذشتہ ابحاث سے اہل فہم و انصاف پر واضح و روشن ہے کہ قدمار کی تقلید

بے سوچے سمجھے اور بدون اپنی فہم سے کام لئے آپ کرتے ہیں یا ہم کرتے ہیں، فروع کو تو جانے رہنے دیجئے آپ تو اصول میں آنکھیں عقل و فہم کی بند کر کے تقلید فرماتے ہیں، امامت کے اصول دین ہونے پر کون سی دلیل قطعی قائم ہے جس سے آپ اس کا اصول دین سے ہونا ثابت فرماتے ہیں مستدل رجعت پر کون سی دلیل قطعی قائم ہے جس سے وجوب اعتقاد ثابت فرماتے ہیں، محض تقلید پر بے سوچے سمجھے اور اپنی عقل سے کام لئے مدار کار ہے اور یہ جو فرماتے ہیں کہ مدلل قول کو تسلیم کرتے ہیں، پس یہ محض دعوئے لسانی ہے ورنہ قطب راوندی کے قول پر جو اس نے قتل بلاد فلاں کے بارے میں لکھا ہے کہ اس سے مراد ایک شخص صحابہ میں سے ہے جو وقوع فتن سے پہلے وفات پا گیا کون سی دلیل قائم تھی جو آپ نے برخلاف ابن میثم وغیرہ اس کو بے سوچے سمجھے سر و چشم قبول کر لیا کیا مدلل قول ایسے ہی ہوتے ہیں جیسا آپ کے قطب راوندی کا قول ہے اور مدلل اقوال کے تسلیم ایسی ہی ہوتی ہے جیسا کہ جناب نے اپنے قطب الاقطاب کے قول کو تسلیم فرمایا پھر طرفہ تماشا یہ ہے کہ فرماتے ہیں گو اس کے تمام مقدمات من کل الوجوہ اپنی نظر سے نہ گذرے ہوں خیال کرنا چاہیئے کہ جب تمام مقدمات اس کے من کل الوجوہ نظر سے نہیں گذرے تو اس کا مدلل ہونا آپ کے نزدیک کیونکر ثابت ہوا بجز اس کے آپ نے تقلیداً اس کو مدلل خیال کر لیا ہو اور کوئی صورت نہیں ورنہ جب موقوف علیہ ہی پورے طور پر آپ کی نظر سے نہیں گذرا تو آپ کے نزدیک اس کا مدلل ہونا کیونکر ثابت ہوا،

قولہ: اور تحفہ کے جواب جب آپ نے دیکھے ہی نہیں تو آپ کا یہ کہنا کہ برائے نام لکھے ہیں کیونکر صحیح ہو اگر آپ ان جوابوں کو دیکھیں اور کچھ بھی عقل و انصاف سے کام لیں تو خود بول اٹھیں کہ واقعی یہ جواب لاجواب ہیں،

اقول: اگر عقل و انصاف سے کام لینا اسی کا نام ہے جیسا کہ جناب نے کام لیا کہ بدیہیات کا انکار کر دیا اور خلاف بداہت دعوے کیا کہیں فرمایا کہ ابن میثم کی توجیہات تحفہ پر مبنی ہیں کہیں تنزل پر قائل ہوا کہیں دعوے کیا کہ قتلہ بلاد فلان کو علماء اہلسنت قسم کہتے ہیں الی غیر ذلک من الاکاذیب تو ایسی عقل اور ایسا انصاف جناب کو اور جناب کے اہل مذہب کو ہی مبارک رہے اور اگر واقعی عقل و انصاف مراد ہے تو اس کی رو سے آپ تو کیا خود ان جوابات کے مصنفین بھی ان کی نسبت ایسا دعوے منہ سے نہیں نکال سکتے پس دعوے محض اس قول کے قبیل سے ہے جبک الشی یحیی دیصر،

قال الفاضل المجیب: قولہ: سوال کی کیفیت ذرا ملاحظہ ہو خاتم المحدثین علامہ دھلوی رحمۃ اللہ علیہ نے تحفہ میں حدیث مجاج السالکین سے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی رضا کی نسبت حضرت ابوبکر رضی کے ساتھ معاملہ فدک میں استدلال فرمایا ہے اس کے جواب میں ملعن الرماح میں لکھا ہے وتا حال نام کتاب مجاج السالکین گوش کسی از شیعیان نرسیدہ فضلاء کہ نزد شما چہ مقبول است کہ نام کتاب را خود ش بدروغ ساختہ باشد انتہی مختصراً اور علامہ کنتوری نے اس سے بھی بلند پروازی فرمائی اور صاحب تحفہ کی وضع کرنے پر قرینہ بھی جما دیا وہ یہ کہ باب سوم جس میں علماء و کتب شیعہ کا ذکر کیا ہے اس کتاب اور اس کے مصنف کا ذکر نہیں کیا، انتہی نقلاً عن ازالۃ الغین، بجواب اس کے مولانا حیدر علی رحمۃ اللہ علیہ ازالۃ الغین میں فرماتے ہیں وایں کتاب یعنے مجاج السالکین خود در صواقع وسیف المسلول ومانند آن مذکور است وحسب حکم مخدوم یعنی سلامت علی خان مرحوم بود از تصنیفات طبرسی کہ بہ تلمذ ایں دو ایں الدین شہرت دارد ومحسوب ومعدود پس جہالت احد ہما مبنی بر عصبیت وجہل ست تکیف دعوے جہالت کردہ انتہی بقدر الحاجۃ، اقول: افسوس کہ آپ نے یہاں بھی عقل و انصاف سے کام نہ لیا علامہ موصوف رحمۃ اللہ کی نسبت بلند پروازی تو طنزاً تحریر فرمائی مگر اس کے جواب میں کچھ بھی نہ لکھا، آپ غور فرمائیں کہ جب آپ کے خاتم المحدثین نے اپنا تبحر جتانے کے لئے کتب علماء شیعہ کا حال لکھا ہے تو جس کتاب سے شیعوں کی بہت بڑے دعوے کو اپنے زعم میں باطل کرنا چاہتے ہیں اگر کہیں کچھ بھی نشان اہل کتاب یا اس کے مصنف و موصف کا پاتے تو ضرور اس کا بھی ذکر کرتے، یہ ذکر نہ کرنا اس بات پر قوی قرینہ ہے کہ اس نام کی کوئی کتاب کتب شیعہ میں نہیں ہے اور نہ اس کا مصنف کوئی مشہور شخص ہے،

عقل و انصاف سے عاری کون؟

یقول العبد الفقیر الی مولاہ الغنی: فی الحقیقۃ یہ افسوس جناب ہی کے حال کی طرف عائد ہے کیونکہ اس بحث میں بھی ان شاء اللہ تعالیٰ عنقریب واضح ہو جائے گا کہ عقل و انصاف سے برتنے کا کام نہیں لیا کہ علماء جناب والا نے، رہا یہ کہ آپ کے علماء کا جواب تو خود ظاہر ہے آپ کے علماء کا دعوے اس وقت صحیح ہو جب کہ یہ امر ثابت ہو کہ علامہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کو تحفہ میں استقصاء کتب مقصود ہو حالانکہ اس کے دیکھنے سے یہاں تک معلوم ہوتا ہے کہ جن کتابوں سے تحفہ میں استدلال فرمایا ہے بیان کتب میں ان کا بھی استیفاء نہیں فرمایا تو جناب کو بھی معلوم ہو گا خود

کا یہ لکھنا کہ ان کتاب یعنی منہاج السالکین خود در صواقع وسیف مسلول وامثالہ آں مذکور است غلط فاحش ہے
مگر صاحب مذہب سلامت علی خان مرحوم کمال ہی بجز وضعف پر دال ہے اور ان کتاب
مذکورہ سے شہادت لانا شہادۃ التعصب علی ذہنہ سے کم نہیں۔

صاحب طعن الرماح کا کتاب منہاج السالکین کے نام کے گھڑنے کو صاحب تحفہ رحمۃ اللہ علیہ کی طرف نسبت کرنا غلط ہے

اقول: افسوس کہ یہاں بھی آپ نے عقل وفہم سے کام نہ لیا اور ہماری عبارت کو کہ محض
اردو فہمی نہ سمجھ کا شاخسانہ تھا ہی سمجھ لیتے کہ رشتہ اعتراض کیا ہے۔ اس سے ضرور ہوا کہ کہ مقبل عبارت
معروضہ سابق طعنا اعتراض کے تقریر کروں اس کے بعد ہوں دانش وفہم دیکھیں کہ حضرت مجیب کے
جواب کو اس اعتراض سے کیا ربط وتعلق ہے بندے نے عرض کیا تھا کہ علامہ دہلوی قدس سرہ العزیز
نے در باب رضا حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حدیث منہاج السالکین سے استدلال کیا تھا جواب اس کے طعن
برآں میں لکھا کہ وکتاب منہاج السالکین گوش کسے نادیدہ ست چہ مستبعد ست
کہ علامہ موصوف خود ہی بروج ساختہ باشد ملخصا۔ اور علامہ مکتوبی نے باب سوم میں رد کر کے
موقوف بیہ وضع کا قرار دیا اس پر مولوی حیدر علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔ واین کتاب یعنی
منہاج السالکین خود در صواقع وسیف مسلول وامثالہ آں مذکور ست رد اس سے صاف ثابت ہے کہ
صاحب طعن رماح نے جو یہ اعتراض کیا ہے کہ اس کتاب کا نام خود صاحب تحفہ کا مصنوع ہے
اور روایت حضرت علامہ دہلوی کی بنائی ہوئی ہے یہ سراسر کذب ہے کیونکہ جب صواقع اور
سیف مسلول میں اس کتاب کا نام اور اس روایت کا تو اس کتاب کی طرف موجود ہے تو صاحب
تحفہ رحمۃ اللہ علیہ کی طرف اس اختراع کی نسبت کرنا محض کذب ودروغ ہے باب رابعہ کہ اگر اپنے
ان دعوے کو کہ اب تحریر کریں اور فرماویں کہ یہ وضع واختراع صاحب تحفہ قدس سرہ السامی صاحب
صواعق کا ہے کہ یہ جواب ہی سننے کے لائق ہے سوال کا جواب یہ ہے کہ تحریر تقریر
تو نہ ہے۔ ہے کہ اس وقت ان کا کچھ حضور نہیں ہے کہ کتاب جو خود گھڑ لیں کہ یہ عبارت
تحفہ سے ہے۔ روایت کا وجود کچھ مجال ہے کہ ہم ان سے جو کہ ہیں مطالبہ
ہمارا ان سے اپنے بچ جو کہ ہیں

مقدمہ فدک میں ابوبکرؓ کے ساتھ حضرت فاطمہؓ کی رضا کا ثبوت

پس جب کہ یہ روایت اور بھی بعض معتبر کتابوں میں مذکور ہے تو نقض سلیم کیونکر تسلیم کرتی
ہے کہ باوجود پائے جانے روایت کے معتبر کتابوں میں ان کو ترک کریں اور فرضی نام کتاب کا
تراش کر روایت کو اس کی طرف نسبت کریں۔ یہ روایت فاضل متبحر کمال الدین حسین بن علی بن حجر
بحرانی نے اپنی شرح کبیر شرح ابن عنت معنی بمصباح السالکین میں جس کے شروع میں خدا تعالیٰ
سے عہد کیا ہے کہ حق سے مرو عاتاوہ تجاوز نہیں کروں گا اور ہرگز باطل کی طرف میل نہیں کروں
گا نقل کی ہے ہر اصل شرح مسطور ایزان سے نقل کرتے ہیں۔

مجموعہ معالم العلماء ابن شہر آشوب صور رسالتین کے کہ ایک غالباً ابن داؤد کا ہے اور دوسرا سید ابن طاؤس کا ہے موجود ہے۔ اب ان کے اختلافات کی کیفیت سنیئے۔ جس سے خبط اور غلط مگر اختلال دماغ کی پوری پوری تصدیق ہو جاوے معالم العلماء میں ابن شہر آشوب لکھتے ہیں:

شیخ احمد بن ابی طالب له الکافی	شیخ احمد بن ابی طالب اس کی یہ کتابیں ہیں
فی الفقه، حسن الاحتجاج، مناظرة	کافی فقہ میں، حسن الاحتجاج، مناظرۃ الطائیہ
الطائیه تاریخ الائمه، مقامات النواصب	تاریخ ائمہ، مقامات نواصب

تو یہ بزرگ احتجاج کو احمد بن ابی طالب طبرسی کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ اب سنیئے سید ابن طاؤس اپنے رجال میں ابوعلی طبرسی کے حال میں لکھتے ہیں:

ومنهم الشیخ ابوعلی فضل بن	منجملہ ان کے شیخ ابوعلی فضل بن حسن بن
الحسن بن ابی الفضل الطبرسی	فضل طبرسی مفسر باہر مصنف مجمع البیان اور
المفسر الباهر مصنف مجمع البیان والجوامع	جوامع اور کافی اور کتاب الحجج و
والکافی وکتاب الاحتجاج و	اور کتاب مکارم الاخلاق کا
کتاب مکارم الاخلاق	ہے۔

اس بزرگ نے ان دونوں کتابوں یعنی کافی اور احتجاج کو جن کو ابن شہر آشوب نے احمد بن ابی طالب کی تصنیفات بیان کی تھیں۔ ابوعلی کی تالیف بیان کیا۔ آپ کے علامہ مجلسی نے جلد اول بحار میں صفحہ ۱۲ پر صاف لکھا ہے:

کتاب الاحتجاج ویلقب هذا ایضاً	کتاب احتجاج اور یہ ابوعلی کی طرف بھی منسوب
الی ابی علی وهو خطاء بل هو تالیف	ہے اور یہ خطا ہے بلکہ یہ ابومنصور احمد بن علی
ابی منصور احمد بن علی بن ابیطالب الطبرسی	بن ابی طالب طبرسی کی تالیف ہے۔

غرض اس سے جو کہ یہ ثابت کرنا تھا کہ علماء شیعہ نے احتجاج کو ابوعلی طبرسی کی طرف منسوب کیا ہے تو گو یہ احتمال دفع ہے تو آپ کے علماء کا ہے نہ حکیم سلامت علی خان مرحوم کا اور پھر آپ کے ابن شہر آشوب نے بیان ابوعلی طبرسی میں لکھا ہے کہ شیخ ابوعلی الحسن بن محمد البیان فی معانی [illegible] حسن [illegible] الکلام من کتاب [illegible] [illegible] [illegible]

برابر ہی قائل ہو دوسرا قرینہ اس پر یہ ہے کہ سیف المسلول کا جو نسخہ ہمارے پاس مطبوعہ موجود ہے اس میں مصباح الساکین لکھا ہے اور یہ قطعاً غلط ہے کیونکہ اول تو یہ ماخوذ صواعق سے ہے اور اس میں مجاج الساکین ہے۔ دوسری یہ کہ حضرت خاتم المتکلمین مولانا سید وحید علی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی لکھا ہے کہ سیف المسلول میں مجاج الساکین مذکور ہے تو معلوم ہوا کہ یہ یقیناً سہو کاتب ہے اسی طرح اگر صواعق کے نسخوں میں ناسخ کی غلطی ہوئی ہو اور بجائے مصباح الساکین مجاج لکھ دیا ہو تو کچھ بعید نہیں اور مصباح الساکین نظر کثیر انامہ شیخ بخاری کا نام ہے جو صحیح بخاری پر ہے اور باین ہمہ صواعق میں وہ روایت بالمعنے بیان کی گئی ہے جس میں تقابل الفاظ نہیں اور یہ توجیہ علی تسلیم ہم نے اس لئے کی کہ ہمارے پاس اس کتاب کا کوئی دوسرا نسخہ نہیں کہ جس سے اس کے شروح و تعلیقات دیکھ کر قرائن سے کوئی صحیح توجیہ حاصل ہو سکتی ہے بہرحال یہ کتاب علمائے شیعہ کی کتب معتبرہ میں سے ہے اور کچھ عجب نہیں کہ ان کے ان طریق کی تصریحات سے ہو لیکن اس کے لئے ہمیں ایسا ہی نسخہ دیکھنے سے معذور ہونا پڑے کہ وہ علمائے شیعہ میں سے بہت زیادہ متعصب نہیں ہے تو کچھ بعید نہیں ہے کہ اس نے یہ روایت نقل کی ہو غرض ہر کیف شیعہ میں اس نام کی کوئی کتاب ہو یا نہ ہو صاحب حق ہونے کا یہ قرینہ چنداں مستبعد مستد کرنے کی کتاب خود ہی ہر وقت مطالعہ میں رہتی اور علمائے متورعین کا اس کی تائید و تقویت کرنا مسلم ہو لیا جائے ہے اور جب علمائے شیعہ کی معتبر کتاب سے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا راضی ہونا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ معاملہ فدک میں ثابت ہو گیا تو یہ بھی جواب ہو گیا ہے شیعہ کا یہ دعویٰ کہ ہمارے پاس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ کچھ ضرور ناراضی کی روایت ہے کچھ لکھ کر دیں اگر تشفی نہ ہو تو صحیح بخاری کی اس بات پر بھی نظر کرنی چاہئے کہ حدیث بخاری میں لفظ فوجدت فاطمۃ کی نسبت اگر ہو بھی تسلیم نہیں کرتے تو فی الحقیقت اس نے صرف محبت کے لئے بلکہ صرف عظمت و جلالت کے لئے اپنے سوں نفس سے جو خوف حق تعالیٰ جب آپ کو معلوم ہوا کہ یہ سوال بے جا تھا تو آپ کو خوف ہوا جیسا کہ مقربین بارگاہ خداوندی کا حال ہوتا ہے کہ ترک مندوبات پر بھی ان کو مؤاخذہ اور اس کا خوف ہوتا ہے اور حضرت رسالت صلی اللہ علیہ وسلم سے جب بات پوچھی تو آپ نے فرمایا ہے [illegible] اور یہ جواب مزاج آشنا تھا اور یہ بھی ایک قسم کا عتاب ہے اور یہ بات عبارت واقع شدہ سے [illegible]

اعتراف استعمال کردہ جمعنی روات فرع کہ روایت حدیث یا بمعنی کردند وجدت را بمعنی غضبت فہمیدہ ہمان قسم یاد دہشتہ ولفظ غضبت روایت کردہ و معنی این حدیث در حقیقت آنست کہ چون فاطمہ جواب ابوبکر شنید و باستماع حدیث پیغمبر دریافت کرد کہ سوال میراث خلاف شرع واقع شد ندامت کشیدہ و ہر سوال کردن خود میراث را تکلیف شدگی این فعل چیزے من خصوصہ انتہی بلفظہ۔ فتدبر۔

معاملہ فدک میں در باب رضا فاطمہؓ بخاری کی حدیث کی توجیہ

